ارباب انصاف کئی عدد آیات سورہ برأت کو سپاہ صحابہ کے پیشوا نیند فاروق کی طرح ہضم کر گئے اور بغیر ڈکار کے ہضم کر گئے اور اس سورہ کی آیات کی کمی کا عقیدہ رکھتے ہوئے کئی دیوبندی مر گئے اور کفر کی موت مر گئے اور آج کل کے مولانا صاحبان جو ناصبی یونیورسٹیوں کے تازہ فارغ التحصیل ہیں وہ بیچارے جب شیعوں سے تحریف قرآن کے مسئلہ میں بحث کرنے سے عاجز نظر آتے ہیں، تو پھر وہ یکین نسخ کا بہانہ کر کے اس طرح جان چھڑاتے ہیں کہ سورہ برأت میں آیات کی کمی نسخ کے باعث ہوئی ہے، پس یہ نسخ ہے تحریف نہیں ہے اور ہم شیعہ خیر البریہ کہتے ہیں کہ ثبوت نسخ کے لئے تم حدیث رسول اللہ پیش کرو ہم تسلیم کر لیں گے کہ نسخ ہوا ہے اور اگر تم حدیث رسول نہیں پیش کر سکتے تو تم دعوئ نسخ میں جھوٹے ہو، اور اس سورہ کی صفائی میں سنی علماء نے بھانت بھانت کی بولیاں بولیں ہیں اور ہم کہتے ہیں اگر حدیث رسول تم پیش نہیں کر سکتے تو قول صحابہ پیش کر دو، جیسا کہ تفسیر خازن ج ۳ ص ۸۹۵ میں علاؤالدین بغدادی سنی نے لکھا ہے، کہ اس سورۃ برأت میں ستر منافق کا نام بھی تھا، تم نسخ ذکر الاسماء پھر ناموں کے ذکر کو نسخ کیا گیا، مگر تم قیامت تک قول صحابہ نہیں دکھا سکتے، اور اگر سنی علماء نے تاویلات کی پٹاری اس جگہ کھولی ہے تو یہ بالکل بے انصافی ہے ۔ کیونکہ اگر دوسرے مذہب کی کسی کتاب میں کوئی بات قابل تاویل آجائے تو اس مذہب والوں کو تاویل کا حق نہیں ہے اور ان کے خلاف آنکھیں بند کر کے ان کے کفر کا فتویٰ دیا جاتا ہے تو اسی طرح ہم بھی کہتے ہیں کہ یہ ملت عثمان جنہوں نے سورہ برات کی بسم اللہ کی طرح آیات جرائی یہ کائنات کے بدترین کافر ہیں

سورہ توبہ کی کمی آیات پر وکلاء صحابہ کے بھانت بھانت کے اقوال میں سے ایک یہ بھی ہے کہ یہ سورہ بقرہ کے برابر تھا اور ۱۵۷ آیات اس کی ضائع ہو گئی

فتح القدیر کی عبارت ومن جملة الاقوال، انها كانت تعدل سورة البقرة . تفسیر قرطبی اور فتح القدیر کا حوالہ ابھی ابھی گذر چکا ہے کہ سورہ توبہ سورہ بقرہ کے برابر تھا، اور اس سے بعض آیات ضائع ہو گئی ہیں

نوٹ، سورہ توبہ کی موجودہ قرآن میں ۱۲۹ آیات اور جب کہ یہ سورہ بقرہ کے برابر تھا، تو سورہ بقرہ کی تو ۲۸۶ آیات ہیں اور اگر ۲۸۶ سے ۱۲۹ نکال لیں تو باقی ۱۵۷ رہیگی، پس معلوم ہوا کہ سورہ توبہ سے جناب عثمان کی مہربانی سے ۱۵۷ آیات ضائع ہو گئی ہیں،

ارباب انصاف اسی سورہ توبہ والے مسئلہ میں وکلاء صحابہ اور علماء اہل سنت نے ایک دوسرے کو خوب جھٹلایا ہے، کوئی کہتا ہے، کہ ابن مسعود نے بسم اللہ اپنے قرآن میں توبہ سے پہلا لکھا ہوا تھا عثمان کہتا ہے کہ نبی کریمؐ نے ہمیں یہ نہ بتایا تھا کہ توبہ انفال کا جزء ہے یا نہیں، کوئی کہتا ہے اس سورہ سے ۱۵۷ آیات ضائع ہوئی ہیں، اور حذیفہ کہتا ہے کہ اس سے ۳۸ آیات ضائع ہوئی ہیں، اور اگر کوئی مولانا صاحب حضرت عثمان کی صفائی میں یہ عذر کرے کہ جو آیات گم شدہ ہیں، وہ درحقیقت منسوخ التلاوت ہیں، تو ہم شیعہ خیر البریہ اسکو یہ جواب دیں گے کہ مولانا صاحب آپ جھوٹ بولتے ہیں اگر وہ آیات منسوخ التلاوت ہیں تو آپ اپنے دعوئ کی سچائی کیلئے حدیث متواتر یا حدیث صحیح پیش کریں،

اگر تسلی نہیں ہوئی اور مرض باقی ہے تو ایک خوراک اور لیجئے،

حذیفہ صحابی کا اعلان کہ سورہ توبہ میں ۳۸۷ آیات کی کمی ہے

درمنثور کی عبارت } ص۲۰۸ ج۳ ولا تقرؤن منها مما كنا نقرأ الا ربعها،
پوری عبارت مع السند ہم پیش گزر چکی ہے کہ حضرت حذیفہ فرماتے ہیں، جتنی مقدار سورہ توبہ ہم پڑھتے تھے تم اس سے صرف اب چوتھا حصہ پڑھتے ہو

نوٹ، اس سورہ کی موجودہ آیات ۱۲۹ ہیں، اور یہ عدد ۵۱۶ کا چوتھا حصہ ہے، اور حذیفہ کا یہ فرمان کہ تم سورہ توبہ کا صرف چوتھا حصہ پڑھتے ہو، اس سے معلوم ہوا کہ سورہ توبہ کی کل آیات ۵۱۶ تھیں۔ اور اب ۱۲۹ باقی ہیں، اور ۳۸۷ جناب عثمان کی مہربانی سے گم ہو گئی ہیں، اور امام اہلسنت امام مالک کا فرمان بھی ابھی گذرا ہے کہ جب سورہ توبہ کا اول حصہ گم اور ساقط ہوا تو بسم اللہ بھی ساقط ہو گیا، یہ فرمان بھی اس بات کا ثبوت ہے کہ امام صاحب بھی یہی عقیدہ رکھتے تھے، کہ سورہ توبہ کی ۳۸۷ آیات گم ہو گئی ہیں، اور اگر کوئی یہ کہہ دے کہ علیؑ کا نام قرآن میں تھا اور نکال دیا گیا ہے، تو ملاں ازم اس پر کفر کا فتویٰ لگاتا ہے، اور ہم شیعہ یہ کہتے ہیں کہ سنیوں کا ایک امام اور ایک صحابی یہ کہتا ہے کہ قرآن کی سورہ توبہ سے ۳۸۷ آیات کو نکالا گیا ہے،

پس سنیو! تمہیں اپنی ماں عائشہ کی عظمت کا واسطہ بتاؤں دونوں کے بارے کیا فتویٰ ملے گا، اور نیز عثمان کی مہربانی سے ۳۸۷ آیات ضائع ہوئی ہیں۔ ان سب کا کیا بنے گا،

اصحاب کا احزاب میں کمی کے باعث قرآن کے مکمل ہونے پر ایمان نہ تھا۔

اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر ابن کثیر ص۴۶۵ ج۳ احزاب
اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر درمنثور ص۱۸۰ ج۵ احزاب
اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر اتقان ص۳۰ ج۲ نوع ۴۷
اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر قرطبی ص۱۱۳ ج۷ احزاب
اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر فتح القدیر ص۲۵۱ ج۴ احزاب
اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر مظہری ص۳۰۲ ج۷ احزاب
اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر روح المعانی ص۱۲۱ پارہ ۲۱
اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر کشاف ص۲۰۴ ج۲ احزاب
اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر غرائب القرآن ص۷۵ ج۷ پارہ ۲۱
اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر مدارک التنزیل ص۴۸ ج۳ احزاب
اہلسنت کی معتبر کتاب المحاضرات ص۴۳۴ ج۴ الحد ۲۰ از راغب

مفتی بغداد شہاب الدین کا اقرار کہ عثمان کا جمع کردہ قرآن مکمل نہیں ہے

روح المعانی کی عبارت } واخرج ابو عبید فی الفضائل وابن الانباری وابن مردویہ عن عائشہ قالت کانت سورة الاحزاب تقرأ فی زمان النبیؐ مائتی آیة فلما کتب عثمان المصاحف لم یقدر منها الا علی ما هو الآن وهو ظاهر فی ایضاع من القرآن، ترجمہ، حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ نبی کریمؐ کے زمانہ میں سورت احزاب کی دو سو آیات پڑھی جاتی تھیں، پس جب عثمان نے قرآن لکھوائے تو وہ موجودہ آیات سے زیادہ پر قادر نہ ہو سکے یہ حدیث قرآن سے کچھ حصہ کے ضائع ہونے میں ظاہر ہے

عثمان کے جمع کردہ قرآن کے کامل ہونے پر حضرت عائشہ کا ایمان نہ تھا

تفسیر قرطبی کی عبارت عن عائشۃ قالت۔ کانت سورۃ الاحزاب تعدل علی عہد رسول اللہ مائتی آیۃ فلما کتب المصحف لم یقدر منہا الا علی ما ہی الآن

ترجمہ، حضرت عائشہ فرماتی ہے کہ سورہ احزاب نبی کریمؐ کے زمانہ میں دو سو آیت کے برابر تھی، پس جب قرآن لکھا گیا تو صرف موجودہ آیات ہیں،

نوٹ، یہ کمی سورہ احزاب میں عثمان کی نظر بداندیش کے باعث ہوئی ہے اور صاحب کتاب کو عثمان کا نام لینا اس مقام میں معیبت نظر آیا ہے

ابی بن کعب صحابی کا اعلان کہ اصحاب کے ہاتھوں قرآنی آیات کی کمی ہوئی ہے

درمنثور کی عبارت عن زرقان۔ قال لی ابی بن کعب کیف تقرأ سورۃ الاحزاب او کم تعدہا قلت ثلاثا وسبعین آیۃ فقال ابی قد رأیتہا وانہا تعادل سورۃ البقرۃ او اکثر من سورۃ البقرۃ ولقد قرأنا فیہا الشیخ والشیخۃ اذا زنیا فارجموہما البتۃ نکال من اللہ واللہ عزیز حکیم

ترجمہ، ابی بن کعب صحابی نے ایک آدمی سے پوچھا کہ تم سورہ احزاب کی کتنی آیات شمار کرتے ہیں اس نے کہا کہ میں نے جواب دیا کہ ۷۳ آیہ، ابی بن کعب نے کہا کہ میں نے اس سورہ کو سورہ بقرہ سے زیادہ یا اسکے برابر دیکھا ہے، اور اس میں آیت رجم بھی تھی،

نوٹ، ہمارے سنی احباب کو اس مقام پر تاویلات کی پٹاری کھولنے سے شرم کرنی چاہیے، کیونکہ جب تاویل کا شیعوں کو حق نہیں تو سنیوں کو بھی نہیں ہونا چاہیے۔

حضرت عمر کا بھی قرآن پاک میں کمی کے ہونے پر پورا پورا ایمان تھا

درمنثور کی عبارت واخرج عبدالرزق فی المصنف عن ابن عباس قال امر عمر بن الخطاب منادیا فنادی ثم صعد المنبر فحمد اللہ واثنی علیہ ثم قال ایہا الناس لا تجزعن من آیۃ الرجم فانہا آیۃ نزلت فی القرآن وقرأناہا ولکنہا،

ذہبت فی قرآن کثیر ذہب مع محمدؐ

ترجمہ، بقول ابن عباس حضرت عمر صاحب نے مناری کروا کر لوگوں کو جمع کیا اور پھر منبر پر چڑھ بیٹھے اور خطبہ کے بعد کہنے لگے، کہ اے لوگو، سورہ احزاب کی آیت رجم سے پریشان نہ ہوں کیونکہ یہ آیت قرآن میں نازل ہوئی ہے اور ہم نے اسکو پڑھا ہے مگر یہ آیت زیادہ قرآن کے ساتھ ضائع ہونے سے ضائع ہو گئی ہے،

حضرت عمر اور ان کے بیٹے عبداللہ نے ذہب قرآن کثیر کا رٹا لگا کر

علماء سپاہ صحابہ کے منہ پر وہ جوتا لگایا کہ جسکی جلن قیامت تک باقی رہیگی،

ارباب انصاف عبداللہ بن عمر کا یہ اعلان کہ قرآن کثیر کہ زیادہ قرآن ضائع ہو گیا گزر چکا ہے اور اب واضح ہو گیا کہ زیادہ قرآن کے ضائع ہونے کا عقیدہ عبداللہ اور انکے باپ عمر دونوں کا تھا اور اگر یہ عقیدہ کسی کے کافر ہونے کے لئے کافی ہے تو پس بات ختم ہو گئی کہ جن پہ تکیہ تھا وہی پتے ہوا دینے لگے۔ اور علماء دیوبند کو عمر وغیرہ کی صفائی کی خاطر تاویلات کا طنبورہ بجانے کی اجازت نہ ہوگی کیونکہ تاویل تو اپنے سجدہ نہ کرنے کی شیطان نے بھی کی تھی

حضرت عمر نے قرآن کی سورہ احزاب میں کمی آیات کا عقیدہ رکھ کر مذہب

اصحاب کو قیامت تک کے لئے بولنے کے قابل نہیں چھوڑا

درمنثور کی عبارت: اخرج ابن مردویہ عن حذیفہ قال، قال لی عمر الخطاب کم تعدون سورۃ الاحزاب قلت ثنتین او ثلاثا وسبعین قال ان کانت لتقارب سورۃ البقرہ وان کانت فیہا الآیۃ الرجم

ترجمہ، امام النواصب حضرت عمر فرماتے ہیں کہ سورہ احزاب سورہ بقرہ کے برابر تھا، بقول حذیفہ یہ اقرار حضرت عمر نے انکے سامنے فرمایا تھا،

حضرت عمر کا نبی کریمؐ کو قرآن پاک کی آیت گم کرنے کا مشورہ دینا

درمنثور کی عبارت: اخرج ابن الضریس عن عمر قال قلت لرسول اللہ لما نزلت آیۃ الرجم اکتبہا یارسول اللہ قال لا استطیع ذالک

ترجمہ، جناب عمر صاحب فرماتے ہیں کہ جب آیہ رجم نازل ہوئی تھی تو میں نے نبی کریمؐ کو کہا کہ اس آیت کو چھپاؤ، حضورؐ نے کہا یہ میرے بس میں نہیں ہے،

نوٹ، ارباب انصاف حضرت عمر صاحب قرآن پاک کی آیات میں کمی کا خود عقیدہ رکھتے اور آیات قرآن کو چھپانے اور گم کرنے کا نبی پاکؐ کو مشورہ بھی دیتے تھے، اگر آیات کو کم کرنا کفر اور بے ایمانی تھی تو عمر نے اس کفر اور بے ایمانی کا نبی پاکؐ کو مشورہ کیوں دیا تھا، اور سنی علماء اس جگہ جو ماں کی نسخ والی پٹاری کھول بیٹھتے ہیں اس کا جواب یہ ہے کہ نسخ حدیث رسولؐ سے ثابت ہوتا ہے اور اس جگہ حدیث نہیں ہے

علماء دیوبند وسپاہ صحابہ کا کسی ٹرک کے نیچے سر دیکر اپنے آپکو ختم کر لینا

آسان ہے مگر اپنا اور اپنے بزرگوں کا قرآن پاک پر ایمان ثابت کرنا مشکل ہے

ارباب انصاف علماء دیوبند کا شیعوں پر یہ بہتان ہے کہ انکی روایات میں آیات قرآن کی کمی ہو جانے کا ذکر ہے، اور ہم شیعہ خیر البریہ کہتے ہیں الٹا چور کتوال کو ڈانٹے، یا ایک چوری اور پھر سرزوری سنی کتب سے ثبوت پیش کیا ہے کہ حضرت عمر اور حضرت عائشہ کا موجودہ قرآن کے کامل ہونے پر ایمان نہ تھا اور وہ آیات قرآن کے کم ہو جانے کا عقیدہ رکھتے تھے، کیا عمر صاحب شیعہ تھا یا عائشہ یا اس کا باپ شیعہ تھا، قرآن پاک کی آیات کے کم ہونے کا عقیدہ رکھنا اگر باعث کفر ہے تو یہ عقیدہ اصحاب نبیؐ اور عمر جیسے خلفاء اور عائشہ جیسی علامہ اور اسماعیل بخاری جیسے علماء بھی رکھتے تھے پس یہ لوگ کس کھاتے میں داخل ہونگے، سورتیں تین ہیں، المؤمنون، المنافقون اور قل یاایہا الکافرون، اگر کمی آیات قرآنی کا عقیدہ رکھنے والے سورہ مؤمنوں میں شامل نہیں ہو سکتے تو پھر انکو کس گروہ کے ساتھ نتھی کرو گے، عائشہ اور عمر کے بارے چپ رہنا اور شیعوں کے خلاف زہر اگلنا انصاف نہیں ہے، ہم تیرے نشتر کی زد شریان قیس ناتواں تک ہے میرا چیلنج ہے کہ حدود انصاف میں رہ کر مسئلہ تحریف قرآن پر سنی احباب اپنے کسی مولانا کو میرے ساتھ کسی عدالت میں بات چیت کرنے کے لئے تیار کریں اگر میں سنی کتب سے کمی آیات قرآن والی روایات نہ پیش کر سکا تو میری سزا موت اور اگر پیش کر دوں تو پھر عدالت عالیہ کو یہ فیصلہ دینا چاہئے کہ علماء دیوبند اور علماء سپاہ صحابہ کافر ہیں اور انکو امریکہ واپس جانا چاہیئے،

مجتہدہ زمان حضرت عائشہ کا اعلان کہ اصلی قرآن میں سورہ احزاب ۲۰۰ آیات کی تھی ایک سو ستائیس عثمان نے گم کیں بقایا ۷۳ ہیں

درمنثور کی عبارت

واخرج ابو عبید فی الفضائل وابن الانباری وابن مردویہ عن عائشۃ قالت کانت سورۃ الاحزاب تقرأ فی زمان النبی مائتی آیۃ فلما کتب عثمان المصاحف لم یقدر منها الا علی ما ھو الآن

ترجمہ، جناب عائشہ سے روایت ہے کہ نبی کریمؐ کے زمانہ میں ۲۰۰ آیات والی سورہ احزاب پڑھی جاتی تھی، اور جب عثمان نے مصاحف کو لکھا اس کو صرف انہیں آیات پر قدرت حاصل ہوئی جو اب موجود ہیں،

نوٹ، ارباب انصاف اس وقت سورہ احزاب میں ۷۳ آیات ہیں بقایا ۱۲۷ کس کھاتہ میں جائیں گے، ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں کہ جامع قرآن ہونے کی فضیلت وکلاء صحابہ عثمان کے کھاتہ میں ڈالتے ہیں،

پس سورہ احزاب کی ۱۲۷ آیات کم کرنے کا گناہ بھی عثمان کے کھاتہ میں ڈالیں گے اور یہ تحریف قرآن ہے جو بقول وکلاء صحابہ کفر ہے،

عثمان کی طرف سے حضرت عثمان کی طرف سے ایک وکیل یہ صفائی وکیلِ صفائی پیش کرتے ہیں کہ ۱۲۷ آیات رب تعالیٰ نے نازل فرما کر پھر انکو واپس کر لیا یعنی وہ منسوخ التلاوت ہو گئیں اور تحریف نہیں ہے، اور بحث تحریف میں معاذ اللہ بالمثل کرنا شیعوں کو ذلت کے سوا اور کچھ نہیں دے سکتا، اب شیعوں کی طرف سے جواب ملاحظہ ہو،

نسخ تلاوت وہ بہانہ ہے جو جرم تحریف کو چھپانے کیلئے گھڑا گیا ہے

ارباب انصاف نسخ تلاوت چہرہ تحریف کو چھپانے کیلئے ایک برقع ہے جس میں تحریف منہ نکالے ہوئے جھانک رہی ہے، جناب عثمان وغیرہ نے قرآن پاک سے جہاں جہاں آیات کو بھول کر یا جان بوجھ کر نکال دیا ہے انکی اس غلطی پر پردہ ڈالنے کیلئے مصنوعی خلافت ثلاثہ کی طرح نسخ تلاوت ایک حیلہ اور بہانہ تیار کیا گیا ہے، اہلسنت کو انکی ماں کے دودھ کا واسطہ دیکر ہم دعوت انصاف دیتے ہیں کہ وہ حدیث متواتر پیش کریں، کہ جس میں نبی کریمؐ نے خود تصدیق فرمائی ہو ۱۲۷ آیات سورہ احزاب کی نسخ ہو گئی ہیں، اور ہم چیلنج کرتے ہیں کہ قبروں سے شیخین اٹھ کر بھی آجائیں تو وہ ایسی حدیث متواتر پیش نہیں کر سکتے،

جواب نمبر ۲، ۱۲۷ ایک سو ستائیس آیات سورہ احزاب کا بدل کہاں ہے اہلسنت احباب کو دیانت اور انصاف کا واسطہ دیکر ہم دعوت فکر دیتے ہیں، کہ اللہ پاک نے وعدہ فرمایا ہے، کہ جن آیات کو ہم نسخ یا انسا کرتے ہیں تو انکی مثل یا ان سے بہتر اور آیات نازل کرتے ہیں، بقول وکلاء صحابہ ۱۲۷ آیات سورہ احزاب کی نسخ ہو گئیں ہیں، ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں کہ اگر بقول وکلاء صحابہ ان کا نسخ یا انسا ہوا ہے تو انکی مثل یا ان سے بہتر ۱۲۷ اور آیات حدیث متواتر سے ثابت کریں، اور وکلاء صحابہ بچارے الٹا لٹک سکتے ہیں، مگر جناب عثمان کی غلطی سے جو ۱۲۷ آیات سورہ احزاب کی گم ہو گئی ہیں ان کا بدل اور مثل وہ پیش نہیں کر سکتے،

پس معلوم ہوا کہ ۱۲۷ آیات کی کمی کا عقیدہ اہل سنت بھی رکھتے ہیں اور بقول انہیں کے یہ عقیدہ کفر ہے،

نماز تراویح کے پہلے امام ابی ابن کعب اور صحابہ کی خانہ ساز خلافت کے دوسرے امام حضرت عمر کا اعلان کہ سورہ احزاب سے ۲۱۳ آیات گم ہوگئی ہیں

درمنثور کی عبارت | قال ابی ابن کعب ءانہا تعادل سورۃ البقرہ وقال عمر ان کانت تتقارب سورۃ البقرۃ،

جناب ابی ابن کعب اور حضرت عمر فرماتے ہیں کہ سورہ احزاب سورہ بقرہ کے برابر تھا یا اس کے قریب قریب تھا،

وکلاء صحابہ تمہیں تمہاری ماں کے دودھ کا واسطہ انصاف کریں

سورہ احزاب میں اس وقت موجودہ قرآن میں ۷۳ آیات درج ہیں اور سورہ بقرہ ۲۸۶ آیات ہیں، بقول جناب عمر کے کہ احزاب بقرہ کے برابر تھا، تو معلوم ہوا اصلی قرآن میں سورہ احزاب کی ۲۸۶ آیات تھی، اور اب جبکہ ۷۳ ہیں، تو معلوم ہوا کہ ۲۱۳ جناب عثمان کی مہربانی سے ضائع ہوگئی ہیں،

نوٹ، اور جناب عثمان کی طرف سے یہ عذر کہ ۲۱۳ آیات منسوخ التلاوت ہوگئی ہیں، یہ عذر قبول نہیں ہے۔ کیونکہ یہ ایک جھوٹا بہانہ ہے، جو ملاں صاحب کا خانہ ساز ہے، اور اگر ۲۱۳ آیات منسوخ التلاوت ہیں تو اس کے ثبوت کے لئے کوئی فرمان رسول اللہ پیش کیا جائے اور ہمارا دعویٰ ہے، کہ وکلاء صحابہ زہر کا پیالہ پی سکتے ہیں، مگر اس مسئلہ میں حدیث رسول اللہ نہیں دکھا سکتے،

حضرت عمر نے آیت رجم کے قرآن سے گم ہونے کا اعلان فرما کر حضرت عثمان کے جامع قرآن ہونے کی فضیلت پر پانی پھیر دیا ہے،

اہل سنت کی معتبر کتاب صحیح بخاری ص ۱۶۹ ج ۸ باب رجم الحبلی

اہل سنت کی معتبر کتاب صحیح بخاری ص ۶۹ ج ۹ باب شہادۃ عند الحاکم

اہل سنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم ص ۴۴ ج ۲ باب حد الزنا

اہل سنت کی معتبر کتاب سنن ابن ماجہ ص ۱۸۶ کتاب الحدود

اہل سنت کی معتبر کتاب سنن ابی داؤد ص ۱۴۵ کتاب الحدود

اہل سنت کی معتبر کتاب مسند احمد بن حنبل ص ۲۷۴ ج ۱ حدیث ۲۷۴

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر لابن کثیر ص ۲۶۱ ج ۳ سورہ نور آیت ۲

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر درمنثور ص ۱۸۰ ج ۵

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر اتقان ص ۳۱ ج ۲ نوع ۴۷

اہل سنت کی معتبر کتاب المحاضرات ص ۴۳۳ ج ۴ الحد ۲۰

صحیح بخاری کی عبارت | قال عمر لولا ان یقول الناس زاد عمر فی کتاب اللہ لکتبت آیۃ الرجم بیدی باب شہادۃ عند الحاکم

حضرت عمر نے کہا کہ اگر لوگوں سے یہ خطرہ نہ ہوتا کہ وہ کہیں گے کہ عمر نے قرآن پاک میں زیادتی کردی ہے تو آیت رجم کو میں اپنے ہاتھ سے قرآن میں لکھا

صحیح بخاری کی عبارت | ص ۱۶۹ ج ۸ فکان من ما انزل اللہ ایۃ الرجم فقرأناھا وعقلناھا

یقول عمر جو اللہ نے قرآن نازل فرمایا ہے اسمیں آیہ رجم بھی تھی پس ہم نے اس آیت کو پڑھا ہے اور سمجھا ہے اور یاد کیا ہے اور نبی نے اس پر عمل فرمایا ہے اور ہم نے بھی اس پر عمل کیا،

بقول امام بخاری حضرت عمر نے آیۃ رجم کو لوگوں کے ڈر سے قرآن میں

نہیں لکھا، معلوم ہوا عمر صاحب لوگوں سے خصوصاً فلج سے بہت ڈرتے تھے

ارباب انصاف قرآن پاک میں کمی اور زیادتی کرنا دونوں سخت گناہ ہیں اگر آیت رجم قرآن تھی تو عمر اور عثمان نے اسکو قرآن میں نہ لکھ کر بے انصافی بلکہ خیانت کی ہے، اور اگر آیت رجم قرآن نہ تھی تو حضرت عمر کا اسکو اپنے ہاتھ سے قرآن میں لکھنے کی آرزو کرنا بے انصافی بلکہ بددیانتی ہے اور اس جگہ بھانت بھانت کے جوابات کا طنبورہ بجایا جاتا ہے، اور نسخ نسخ کا رٹا لگایا جاتا ہے، مگر ہم شیعہ یہ جواب دیتے ہیں، کہ نسخ نبی کریم کے زمانہ میں ہوتا اور حدیث متواتر سے ثابت ہوتا ہے اور ڈھولکی ملاں کو ہمارا چیلنج ہے کہ حدود انصاف میں رہ کر نسخ ثابت کرے،

آیت رجم کو قرآن میں نہ لکھنا یہ عمر کا تقیہ کرنا ہے اور سنیوں کیلئے شرم سار ہے

ارباب انصاف کچھ سنی علماء بابچھیں ٹھہریں کر کے شیعوں کے خلاف یہ ارشاد بھی فرماتے ہیں کہ شیعہ بے ایمان ہیں یہ تقیہ کرتے ہیں، یہ حق کو چھپاتے ہیں اور ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں کہ سنیوں کے عمر شیر نے تقیہ فرمایا ہے اگر تقیہ کرنا بے ایمانی ہے تو پھر تقیہ باز عمر شیر کو کس کھاتہ میں ڈالا جائے گا، نیز عمر صاحب کا موجودہ قرآن کے کامل نہ ہونے کے بارے اقرار ہے اور اس کا نتیجہ یہ ہے کہ عمر صاحب کا موجودہ قرآن پر ایمان نہ تھا، جو کچھ عمر صاحب نے آیت رجم کے بارے کہا ہے اگر کسی اور نے کہا ہوتا تو اس پر کفر کا فتویٰ ٹھک جاتا،

صحابی رسولؐ ابی بن کعب قرآن پاک سے آیت رجم کی کمی کا عقیدہ رکھتا تھا

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر لابن کثیر ص ۴۶۵ ج ۳ الاحزاب،
اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر اتقان ص ۳۰ ج ۲ نوع ۴۷
اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر روح المعانی ص ۱۴۲ ج ۲۱ احزاب
اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر قرطبی ص ۱۱۳ ج ۷ الاحزاب
اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر مظہری ص ۳۰۲ ج ۷ الاحزاب
اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر درمنثور ص ۱۸۰ ج ۵ الاحزاب

درمنثور کی عبارت: ص ۱۷۹ ج ۵ عن زر قال قال لی ابی بن کعب کیف تقرأ سورۃ الاحزاب او کم تعدھا قلت ثلاثا و سبعین آیۃ، فقال ابی قد رأیتھا وانھا تعادل سورۃ البقرہ او اکثر من سورۃ البقرۃ ولقد قرأنا فیھا الشیخ والشیخۃ اذا زنیا فارجموھما البتۃ نکالا من اللہ واللہ عزیز حکیم

ترجمہ، ابی بن کعب کہتا ہے کہ سورہ احزاب، سورہ بقرہ یا اس سے بڑا تھا اور میں نے خود اس میں آیت رجم کو پڑھا ہے،

نوٹ، آیت رجم جس کا حضرت عمر نے اور ابی بن کعب نے اقرار کیا ہے، کہ یہ قرآن میں موجود تھا مگر اب عثمان کے لکھائے ہوئے قرآن میں اس کا نام نشان تک نہیں ملتا،

بس معلوم ہوا کہ آیت رجم کے بارے یا تو حضرت عمر اور ابی بن کعب نے غلط بیانی فرمائی ہے یا حضرت عثمان سے غلطی ہوئی ہے کہ آیت رجم کو نہ لکھوایا اسکا اور نسخ والا رٹا کہاں تک چلے گا، اور نسخ کا دعویٰ بھی تو آیات قرآن کی کمی ہی کو ثابت کرتا جو بات عمر اور ابی صحابی نے فرمائی ہے اگر یہ بات کوئی اور کرتا تو اس پر کفر کا فتویٰ ٹھک جاتا،

وکلاء صحابہ تمہیں تمہاری ماں کے دودھ کا واسطہ انصاف کرو

جناب عمر قرآن پاک سے آیت رجم کی کمی کا عقیدہ رکھتے تھے

ارباب انصاف حضرت عمر آیات قرآن میں کمی کا صرف عقیدہ ہی نہیں رکھتے تھے بلکہ اس کا اعلان کر کے منکرین تحریف کو ذلیل و رسوا بھی کرتے تھے اور ان کا یہ عقیدہ اتنا پختہ اور صحیح تھا کہ جسکو امام اہلسنت امام بخاری نے استخارہ کر کے دو رکعت نماز پڑھ کے اپنی صحیح بخاری میں درج کیا ہے اور منکرین تحریف کی ناک کاٹی ہے رگڑ کر بغیر چھری کے،

جناب عمر کے عقیدہ جرم تحریف کی صفائی میں وکلاء صحابہ کا پانچویں ٹیریں کر کے بھانت بھانت کی تاویلات پیش کر کے جان چھڑانا

وکیل صحابہ کی ایک بوگس تاویل جناب عمر کا یہ قول کہ آیت رجم کو میں قرآن میں لکھنا چاہتا ہوں جس حدیث میں آیا ہے وہ ضعیف ہے اور جھوٹی ہے،

شیعوں کا موقف ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں کہ یہ بھی ہماری فتح مبین ہے کہ خدا نے وکلاء صحابہ کو ہمارے سامنے اس طرح ذلیل اور رسوا کیا ہے کہ وہ ہمارے مقابلہ میں اگر اس طرح بے بس ہو گئے ہیں کہ انہوں نے اپنے امام بخاری اور اسکی صحیح بخاری کے راویوں کا جھوٹا ہونا تسلیم کر لیا ہے، کیونکہ قول عمر صحیح بخاری میں لکھا ہے، اور بخاری کے جھوٹا ہونے کے ساتھ ساتھ دوسرے سات عدد وکلاء صحابہ کا جھوٹا ہونا بھی ثابت ہو گیا،

وکیل صحابہ کی ایک اور غلط تاویل ارباب انصاف وکلاء صحابہ جب دیکھتے ہیں کہ جس مسئلہ تحریف قرآن کو لے کر وہ شیعہ مسلمانوں کے حق میں بد زبانی کرتے ہیں اور انکو کافر تک کہتے ہیں، اسی مسئلہ میں انکے امام نمبر ۲ حضرت عمر کا کافر ہونا بھی لازم آتا ہے تو پھر وہ تاویل کی پٹاری کھول لیتے ہیں اور اپنے گھر کی زبان نکال کر آیت رجم کے بارے نسخ کا دعوی کرتے ہیں اور اپنے امام صاحب کو جھٹلاتے ہیں،

شیعوں کا موقف ہم یہ کہتے ہیں کہ نسخ رسول اللہ کے زمانے میں ہوتا ہے اور تفسیر اتقان گواہ ہے نوع ۴۷ ص ۳۱ ج ۲ کہ حضرت عمر نے آیت رجم کو قرآن میں لکھنے کا پروگرام نبی کریم کی وفات کے بعد بنایا تھا، پس اگر آیت رجم منسوخ التلاوت تھی تو اس کا قرآن پاک میں لکھنا تحریف تھا اور تحریف اہل سنت کے عقیدہ میں کفر ہے پس حضرت عمر نے ہوش و حواس کی سلامتی کے ساتھ بغیر کسی مجبوری کے کفر کا ارادہ کیوں کیا تھا،

شیعوں کا موقف نمبر ۲ تفسیر اتقان ص ۷۳ ج ۱ نوع ۱۸ گواہ ہے کہ جب حضرت آیت رجم کو ابو بکر کے زمانے میں قرآن پاک میں لکھوانے کیلئے لائے تھے تو زید بن ثابت نے انکی درخواست کو یہ کہہ کر ٹھکرا دیا تھا کہ یہ ایک گواہ ہے ہم شیعہ یہ کہتے ہیں کہ اگر آیت رجم منسوخ ہوتی تو حضرت عمر کو جھٹلانے کے بجائے زید بن ثابت یہ فرماتے کہ یہ آیت منسوخ ہے اور اگر حضرت عمر اور زید دونوں کو اس آیت کے منسوخ ہونے کا علم نہ تھا تو ان دونوں کی قرآن کی خصوصیات سے جہالت لازم آتی ہے اور یہ جہالت خلافت اور صحابیت کے منافی ہے،

خلاصہ یہ، اگر امام اعظم صاحب بھی قبر سے اٹھ کر آجائیں تو حضرت عمر کی صفائی نہیں دے سکتے

اگر آیت رجم منسوخ ہے تو ثبوت میں حدیث متواتر پیش کی جائے

جو مولانا صاحبان آیت رجم کے بارے منسوخ التلاوت ہونے کا دعوی کرتے ہیں وہ جھوٹ بولتے ہیں اگر وہ اپنے اس دعوی میں سچے ہیں تو وہ ثبوت میں کوئی حدیث صحیح یا حدیث متواتر دکھائیں، یا اس کا منسوخ التلاوت ہونا اپنے کسی خلیفہ کے یا اپنے چار اماموں میں سے کسی امام کے کلام میں دکھائیں اور ہمارا دعویٰ کہ اگر ابوبکر اور عمر قبروں سے اٹھ کر بھی آجائیں تو ثبوت نہیں دے سکتے

وکلاء صحابہ کا شیعوں کے سامنے مسئلہ تحریف کی صفائی دینے سے عاجزی کا اعتراف

اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر اتقان ج ۲ ص ۳۱ نوع ۴۷ تالیف علامہ سیوطی
اہلسنت کی معتبر کتاب البرہان ص تالیف ابوبکر رازی

وقال فی البرهان فی قول عمر لولا ان تقول الناس زاد عمر فی کتاب الله لکتبتها یعنی آیة الرجم ظاهره ان کتابتها جائز وانما منعه قول الناس والجائز فی نفسه قد یقوم من خارج ما یمنعه فاذا کانت جائزه لزم ان تکون ثابتة

ترجمہ، امام اہل سنت ابوبکر رازی نے اپنی کتاب برہان میں قول حضرت عمر کہ اگر لوگوں کے یہ کہنے کا خطرہ نہ ہوتا کہ عمر نے کتاب خدا میں زیادتی کی ہے تو میں آیت رجم کو قرآن پاک میں لکھ دیتا کے متعلق یہ فرمایا ہے کہ آیت رجم کا قرآن میں لکھنا جائز تھا اور اس جائز امر سے انکو لوگوں کی تنقید نے روکا ہے، اور جو چیز درحقیقت جائز ہوتی ہے کبھی اس کو باہر سے رکاوٹ آجاتی ہے اور جب آیت رجم کا لکھنا جائز تھا تو لازم آیا کہ اسکی تلاوت بھی ثابت ہے،

نوٹ، یہ قول عمر پڑھنے کی چیز ہے اس کو بار بار پڑھو،

وکیل صحابہ الٹا لٹک سکتا ہے کسی دیوار کو ٹکر مار سکتا ہے مگر!

موجودہ قرآن کے کامل ہونے پر حضرت عمر کا ایمان ثابت نہیں کر سکتا

ارباب انصاف امام اہلسنت ابوبکر رازی سے دنیا بھر کے سنیوں کو رسوا کرنے کیلئے اللہ پاک نے جو کلمہ حق حضرت عمر کے بارے لکھوا دیا ہے، اس نے نعرہ تحقیق کے پرخچے اڑا دیئے ہیں، اور عظمت تثلیث کے بت کو پاش پاش کر دیا ہے، قول ابوبکر رازی اس امر کا ٹھوس ثبوت ہے آیت رجم کو منسوخ التلاوت کہنا سفید جھوٹ ہے یہ آیت بقول حضرت عمر کے منسوخ نہیں ہے اور جب یہ منسوخ نہیں تو پھر اس آیت کا آج قرآن میں نام نشان نہیں ہے، اور اسی سے یہ معلوم ہوا حضرت عمر تحریف قرآن کا یعنی قرآن کے ناقص ہونے کا عقیدہ رکھتے تھے، اور اگر یہ عقیدہ کفر ہے تو پھر حضرت عمر کے بارے فیصلہ کرنا وکلاء صحابہ کے اپنے ہاتھوں میں ہے،

حضرت عمر کا لوگوں کے ڈر سے آیت رجم کو قرآن میں نہ لکھنا مصحف علوی پر نواصب کے تمام اعتراضات کو باطل بنا دیتا ہے

ناصبی ملاں کے دہن گندیدہ سے مثل لعاب سم یہ خرافات نکلتے ہیں کہ شیعوں کا قرآن وہ ہے جو حضرت علیؑ نے جمع کیا تھا، اور وہ قرآن پھر حضرت علیؑ نے اپنی خلافت کے زمانہ میں ظاہر کیوں نہ کیا تھا! اور حضرت علیؑ اور انکے شیعوں کا اس قرآن کو ظاہر نہ کرنا یہ بزدلی ہے،

حضرت علیؑ جس طرح شیعہ اور سنیوں کا مشترکہ خلیفہ ہے اسی طرح ان کا قرآن بھی سنیوں اور شیعوں کا مشترکہ قرآن ہے

اہلسنت علماء نے بڑی دیانتداری سے یہ رپورٹ پیش کی ہے کہ حضرت علیؑ نے قرآن جمع فرمایا تھا، پس اہل سنت کے دو قرآن ہیں، ایک علیؑ والا اور ایک عثمان والا، یہ بے انصافی سنیوں نے کی ہے، کہ علیؑ والا قرآن چھپا دیا ہے اور عثمان والا ظاہر کیا ہے،

سنی علماء کی رپورٹ کہ حضرت علیؑ نے قرآن جمع فرمایا ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر اتقان ص۶۲ نوع ۱۸

اہل سنت کی معتبر کتاب المصاحف ص۱۶ جمع القرآن فی المصحف

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر روح المعانی ص۲۲ ج۱ جمع المصحف

اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ خلفاء ص۱۶۶ ذکر علیؑ

اہل سنت کی معتبر کتاب صواعق محرقہ باب۸ فصل۴ ص۷۶

اہل سنت کی معتبر کتاب ریاض النضرہ ص۲۹۷ ج۱ فصل ۳ ذکر خلافت بکری

اتقان کی عبارت: عن محمد بن سیرین عن عکرمہ قال لما کان بعد بیعۃ ابی بکر قعد علی بن ابی طالبؑ فی بیتہ فقیل لابی بکر... فقال رایت کتاب اللہ یزاد فیہ فحدثت نفسی ان لا البس ردائی الا لصلوۃ حتی اجمعہ قال ابو بکر فانک نعم ما رایت قال محمد فقلت لعکرمہ الفوہ کما انزل الاول فالاول قال لو اجتمعت الانس والجن

ترجمہ، محمد بن سیرین نے عکرمہ سے روایت کی ہے کہ ابوبکر کی حکومت تشکیل پانے کے بعد امیر المومنین علیؑ ابن ابی طالبؑ اپنے گھر میں بیٹھ گئے تھے، ابوبکر کو اس کی طرف توجہ دلائی گئی تو اس نے حضرت علیؑ سے حقیقت حال معلوم کرنے کیلئے عرض کی، حضرت علیؑ نے اپنی گوشہ نشینی کی وجہ بتلائی کہ میں نے دیکھا ہے کہ کتاب خدا میں زیادتی کی جا رہی ہے،

پس میں نے اپنے دل میں فیصلہ کیا ہے، کہ بغیر نماز کے ردا نہیں پہنوں گا، حتیٰ کہ میں قرآن پاک کو جمع کر دوں گا، ابوبکر نے کہا آپ کا پروگرام بہترین ہے، اور محمد بن سیرین نے عکرمہ سے کہا کہ جس ترتیب سے قرآن نازل ہوا تھا، اس طرح جناب امیرؑ نے اسکو جمع فرمایا تھا، اور [illegible] تمام جن وانس اس ترتیب پر جمع کرنا چاہیں تو جمع نہیں کر سکتے، اور ابن اشتہ نے اس روایت کو اپنی کتاب المصاحف میں لکھا ہے ابن سیرین سے ... لکھا ہے، کہ حضرت علیؑ نے اس میں ناسخ اور منسوخ کو بھی لکھا ہے،

ختم عبارت اتقان

ریاض النضرہ کی عبارت: قال علیؑ لا ارتدی ردائی الا الی صلوۃ حتی اجمع القرآن قال ابن سیرین فبلغنی انہ کتبہ علی تنزیلہ ولو اصیب ذالک الکتاب لوجد فیہ علم کثیر

ترجمہ، حضرت علیؑ فرماتے ہیں کہ جب تک میں قرآن جمع نہیں کر دوں گا، علاوہ نماز کے دوش پر ردا نہیں ڈالوں گا،

نوٹ، ان روایات میں نکات ہیں جو آپ کے سامنے پیش کئے جائیں گے۔

وکلاءِ صحابہ کی اس رپورٹ سے فضائل عثمان پر پانی پھر گیا ہے

ناصبی علماء حق کو چھپانے کی بہت کوشش فرماتے ہیں مگر ہر میدان میں ہمارے سامنے خدا انکو ذلیل کرتا ہے، مذکورہ روایت سے چند اور راز ظاہر ہوتے ہیں،

پہلا نقطہ اور راز حضرت عمر سنیوں کے امام ہیں اور حضرت علیؑ بھی سنیوں کے امام ہیں اور جناب عمر زندگی بھر لوگوں سے ڈرتے ہی رہے اور آیت رجم کو اگرچہ ایک ہی آیت تھی، مگر وہ اس کو قرآن میں داخل نہ کر سکے اسی طرح حضرت علیؑ بھی اپنے دور حکومت میں اپنا جمع کردہ مصحف رائج نہ کر سکے، جو صفائی وکلاء صحابہ عمر صاحب کی دیں گے، حضرت علیؑ کی طرف سے بھی اسی کو کافی سمجھیں اگر تقیہ کیا ہے تو دونوں نے لوگوں سے ڈرتے ہیں تو دونوں

دوسرا نقطہ اگر علیؑ اور عثمان صاحب والے قرآن میں کوئی فرق نہیں بالکل ایک جیسے ہیں تو شیعوں پر اعتراض کرنے کے بجائے وکلاءِ صحابہ اس امر کی صفائی دیں، کہ موجودہ قرآن کو وہ مصحف عثمان کہتے ہیں، مصحف علوی کیوں نہیں کہتے، حضرت علیؑ کی پاکیزہ ذات سے انکو کیا ناراضگی ہے، اور اگر دونوں قرآنوں میں فرق ہے تو پھر وکلاء صحابہ اس امر کی صفائی دیں کہ جب حضرت علیؑ نے قرآن جمع فرما لیا تھا، تو عثمان صاحب نے حضرت علیؑ والے قرآن کی مخالفت کیوں کی ہے؟

حضرت علیؑ کے قرآن جمع کرنے کی رپورٹ اور ابوبکر و عثمان کے قرآن جمع کرنے کی رپورٹ وکلاء صحابہ نے دی ہے، سنیو، پس ہمارا یہ اعتراض ہے کہ کیا خلفاء کو ایک دوسرے پر اعتماد نہ تھا، کہ الگ الگ قرآن جمع کرتے رہے،

تیسرا نقطہ، اصحاب نے قرآن میں زیادتی بھی فرمائی ہے سنی علماء کی رپورٹ

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر اتقان ص۲ ج۱ نوع ۱۸

قال علیؑ، رأیت کتاب اللہ یزاد فیہ: حضرت علیؑ فرماتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ کتاب خدا میں زیادتی کی جا رہی ہے،

نوٹ، یہ روایت اتنی مضبوط ہے اور امام سیوطی کو یہ اتنی پسند آئی ہے، کہ اس پر بغیر کسی جرح کے اپنی کتاب کو اس روایت سے زینت بخشی ہے، اور اہل سنت میں یہ حدیث مشہور ہے کہ جو شخص کتاب خدا میں زیادتی کرے، اس پر لعنت ہے، پس ابوبکر کی بیعت کے بعد جو لوگ قرآن میں زیادتی کر رہے تھے انکے بارے صحیح فیصلہ کرنا اہل سنت کے اپنے ہاتھوں میں ہے، البتہ ہم دعوت فکر سنی احباب کو ضرور دیں گے کہ آپ کے صحابہ کرام فلک تسنن کے درخشاں تارے، مرکز سنیت کے عادل نقطے اصحابی کلھم عدول کے معانی شمع نبوت کے پروانے، حفاظت قرآنی کے ضامن اشخاص نے قرآن پاک میں زیادتی کی اور خدا جانے کیا کیا بڑھایا اور اپنی اغراض کے لیے بڑھایا خدا اور رسولؐ کی طرف سے بڑھانے کی اجازت تھی، اس طرح صحابہ کرام نے آیات سورہ برائت اور سورہ احزاب میں تھوک کے حساب سے کمی بھی فرمائی ہے، اگر عام آدمی قرآنی آیات میں کمی یا زیادتی کرتا ہے تو وہ بقول سنیت کے کافر ہے اور لعنتی ہے اور جب ثابت ہو گیا کہ کمی اور زیادتی والا کام اصحاب نے بھی فرمایا ہے تو انکے بارے صحیح فیصلہ کرنا اہلسنت کے اپنے ہاتھوں میں ہے،

علماء دیوبند و سپاہ صحابہ کھلا کھا کر مرنا گوارا کر سکتے ہیں مگر اللہ تعالیٰ کی پاک کتاب قرآن مجید پر اپنا ایمان ثابت نہیں کر سکتے،

ارباب انصاف ہم نے نہایت دیانت داری سے دیوبندی احباب کی کتابوں کو پڑھا ہے اور اس نتیجہ پر پہنچے ہیں، کہ علماء دیوبند اور ان کے بزرگان میں سے کسی کا بھی قرآن پر ایمان نہیں ہے، ان کا ایک خلیفہ عمر صاحب فرماتا تھا کہ نوّے پارے کا قرآن تھا، اور ساٹھ ضائع ہو گئے ہیں عمر صاحب کا لڑکا عبداللہ بن عمر کہتا ہے کہ زیادہ قرآن ضائع ہو گیا ہے، شروحات بخاری میں اس بات کی دہائی ہے کہ چالیس پارے قرآن کے تھے، ان کا محترم صحابی ابن مسعود کہتا ہے کہ فاتحہ اور معوذتین قرآن پاک میں شامل نہیں ان کا امام اعظم صاحب کہتا کہ بسم اللہ قرآن میں شامل نہیں ہے اور سنی اپنے ان بزرگان پر جتنا بھی فخر کریں کم ہے، اولٰئک ابائی فجئنی بمثلہم اذا جمعتنا یا جریر المجامع اگر سنی بھائی کسی اور مذہب پر اعتراض کرتے ہیں کہ ان کا قرآن پر ایمان نہیں ہے تو وہ مذہب سنی بھائیوں کو یہ جواب دینے میں حق بجانب ہے کہ این گنہ است کہ در شہر شما (دیوبند) نیز کنند پس چھلنی کو کوئی حق نہیں کہ وہ چھاج کو طعنہ دے اور اگر سنی احباب نے تاویلات کی پٹاری کھول کر جان چھڑانی ہے تو یہ پٹاری ہر مذہب کھول سکتا ہے اہلسنت کی دوسری مذہبوں کی تحریف قرآن کی بات جو دا ویلا ہے اس نے ہمیں شوق دلایا کہ ہم ان کی کتابوں کا اپریشن کریں ہم نے سمجھا تھا کہ خلوت میں وہ تنہا ہو لگے جھک کے پردہ جو اٹھایا تو قبا مست دیکھی.

علماء سپاہ صحابہ کا عقیدہ کہ سورہ برات جتنا بڑا ایک سورہ قرآن پاک کا گم ہو گیا ہے اور موجودہ قرآن ناقص ہے،

اہل سنت کی معتبر کتاب جامع الاصول ص ۵۲ ج ۳ باب ۲ فصل ۲

اہل سنت کی معتبر کتاب مستدرک حاکم ص ۲۲۴ ج ۲ کتاب التفسیر

اہل سنت کی معتبر کتاب المحاضرات ص ۴۳۳ ج ۳ الحد ۲۰

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر روح المعانی ص ۲۵ ج ۲

اہل سنت کی معتبر کتاب مجمع الزوائد ص ۱۴۰ ج ۷

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر الدر المنثور ص ۱۰۵ ج ۱ آیت ما ننسخ

درِ منثور کی عبارت | اخرج مسلم و ابن مردویہ و ابو نعیم فی الحلیۃ البیہقی فی الدلائل عن ابی موسیٰ الاشعری قال کنا نقرأ سورۃ نشبہا فی الطول والشدۃ ببرائۃ فانسیتہا غیر انی حفظت منہا لو کان لابن آدم وادیان من المال لا تبتغی ثالثا لا یملأ جوفہ الا التراب

ترجمہ، صحابی مشہور ابو موسی اشعری کہتا ہے کہ ہم ایک سورہ ایسا بھی پڑھتے تھے کہ جسکو بڑے ہونے میں ہم سورہ برائت سے تشبیہ دیتے تھے اور وہ تمام سورہ میں بھول گیا ہوں مگر یہ آیات یاد ہیں کہ لو کان لابن آدم وادیان،

نوٹ، اگر قرآن پاک میں صحابہ کرام کمی کا عقیدہ رکھتے ہوں جیسا کہ ابو موسی رکھتا تھا تو ایسے اصحاب کے بارے فیصلہ محفوظ ہے۔

سپاہ صحابہ کے امام ابی بن کعب صحابی کا اعلان کہ قرآن پاک میں کمی ہوئی ہے

جامع الاصول کی عبارت حدیث ۹۷۲ ابی بن کعب، ان رسول اللہ قال ان اللہ امرنی ان اقرأ علیك فقرأ فیہا، ان الدین عند اللہ الحنیفۃ المسلمۃ لا الیہودیہ ولا النصرانیہ ولا المجوسیۃ ومن یعمل خیرا فلن یکفرہ، وقرأ علیہ لوان لابن آدم وادیا من مال لا تبغی الیہ ثانیا ولو ان لہ ثانیا لا تبغی الیہ ثالثا ولا یملأ جوف ابن آدم الا التراب ویتوب اللہ علی من تاب،

ترجمہ، نماز تراویح کے عمر کی طرف سے مقرر کئے ہوئے پہلے امام ابی بن کعب فرماتے ہیں کہ نبی کریم نے فرمایا کہ اللہ پاک کا آرڈر ہے کہ میں تم پر قرآن پڑھوں، پس نبی پاک جو قرآن پڑھا تھا، اس میں مذکورہ آیات کو بھی پڑھا تھا، انوٹ، ان آیات کا قرآن پاک میں اب نام و نشان تک نہیں ہے، پس بقول صحابی قرآن میں کمی ہوئی ہے

سپاہ صحابہ کے امام عبداللہ بن مسعود صحابی کا اعلان کہ قرآن پاک میں کمی ہوئی ہے

المحاضرات کی عبارت واثبت ابن مسعود فی مصحفہ لوکان لابن آدم وادیان من ذہب لا تبغی الیہما ثالثا ولا یملأ جوف ابن آدم الا التراب

ترجمہ، صحابی رسول قاری قرآن کہ نبی پاک نے جسے قرآن سیکھنے کا حکم دیا تھا، حضرت عبداللہ بن مسعود نے اپنے قرآن میں وادی مال کی آیت کو لکھا تھا، نوٹ، اس آیت وادی مال کا اس وقت قرآن پاک میں نام و نشان نہیں ہے، معلوم ہوا کہ صحابہ کرام کی مہربانی سے اس آیت کی بھی قرآن پاک میں کمی ہوئی ہے، اگر قرآن پاک میں کمی آیات والی روایات اہلسنت کی کتابوں میں آجائیں تو ان کے ایمان کا کچھ نہیں بگڑتا کیونکہ اسلام کو انہوں نے بہن دی ہوئی ہے،

حضرت عمر کی طرف سے نماز تراویح کی خاطر مقرر کیلئے ہوئے پہلے امام اور مشہور قاری ابی بن کعب نے اپنے قرآن میں دو سورے حفد اور خلع لکھے ہوئے تھے

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر در منثور ص ۴۲۱ ج ۶ اخر کتاب
اہل سنت کی معتبر کتاب کیا تفسیر اتقان ص ۸۱ ج ۱ نوع ۱۹ از سیوطی
اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر روح المعانی ص ۲۵ ج ۱ از مفتی بغداد

تفسیر اتقان کی عبارت وفی مصحف ابی ست عشرۃ سورۃ لانہ کتب فی آخرہ سورتی الحفد والخلع اخرج ابو عبید عن ابی سیرین قال کتب ابی ابن کعب فی مصحفہ فاتحہ والمعوذتین واللّٰہم انا نستعین واللّٰہم ایاك نعبد وکتب عثمان منہم فاتحۃ الکتاب والمعوذتین۔

ترجمہ، صحابی رسول اللہ اور حضرت عمر کے خاص چیلے ابی بن کعب نے اپنے قرآن کے آخر میں دو سورے حفد اور خلع لکھے ہوئے تھے، اور ابن سیرین وغیرہ بھی کہتے ہیں کہ ابی نے اپنے مصحف میں لکھے تھے، سورہ فاتحہ اور معوذتین اور دو سورے جنکا آغاز انا نستعینك اور ایاك نعبد سے ہوتا تھا

پس عثمان نے حفد اور خلع کو اپنے قرآن سے اڑا دیا، نوٹ، جس طرح بعض لوگوں کا معدہ اس طرح ہوتا ہے کہ پتھر ہضم لکڑی ہضم اور ربڑ ہضم اسی طرح ہمارے دیوبندی بھائیوں کا مذہب ایسا ہے کہ جس میں قرآن پاک کے چھ لاکھ حروف ہضم اور دس پارے ہضم اور دو سورے حفد اور خلع ہضم اور بغیر ڈکار کے ہضم ، رات کو پی لی صبح کو توبہ کرلی، ، رند کے رند رہے ہاتھ سے جنت نہ گئی

سپاہ صحابہ کے پیشوا ابو موسیٰ اشعری کا عقیدہ کہ سبح للہ جتنا ایک سورہ گم ہو گیا

درمنثور کی عبارت } عن ابی موسیٰ اشعری قال کنا نقرأ سورۃ نشبهها باحد المسبحات اولها سبح لله ما فی السمٰوٰت فانسیتها غیر انی حفظت منها یا ایها الذین آمنوا لم تقولون ما لا تفعلون فتکتب شهادة فی اعناقکم فتسئلون عنها یوم القیامة ،

ترجمہ ، صحابی ابو موسیٰ اشعری رپورٹ دیتا ہے کہ ہم ایک سورہ قرآن کا ایسا بھی پڑھتے تھے کہ جو مقدار میں ان سورتوں کے برابر تھا کہ جنکے اول میں سبح للہ یا یسبح للہ آتا ہے ، پس ہم اس سورہ کو بھول گئے ہیں صرف ہم کو اب یہ آیت مذکورہ یاد ہے

نوٹ ، اس موضوع کی روایات زید بن ارقم صحابی جابر بن عبد اللہ صحابی سے درمنثور میں زیادہ لکھی ہیں ، آیت ماننسخ کی تفسیر کو غور سے پڑھیں

آیات قرآن کا عثمان کے باعث کم ہونے کی رپورٹ صحابہ نے دی ہے اور ایمان خراب ہوا شیعوں کا ، کیا کہنا دیوبندی عدالت

ارباب انصاف قرآنی آیات کے کم ہونے کا نمونہ ہم نے کتب اہلسنت سے صحابہ کی زبانی پیش کر کے سنی احباب کو دعوت فکر دی ہے کہ اگر کسی مذہب کی کتابوں میں صرف کمی آیات کا ذکر آجائے تو وہ کافر ہے تو اس قانون کی روشنی میں تمام علماء سپاہ صحابہ و علماء دیوبند کا کافر ہونا بھی لازم آتا ہے ، کیونکہ مذہبی کتابیں اس کمی آیات قرآن والی خامی سے بھری ہیں ، اور تاویلات و جوابات کی پٹاری ہر مذہب کھول سکتا ہے ،

سورہ خلع اور حفد کو ابن عباس صحابی نے بھی اپنے قرآن میں لکھا ہوا تھا

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر درمنثور ص ۴۲۱ ج ۶

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر اتقان ص ۸۱ ج ۱ نوع ع ۱۹

درمنثور کی عبارت } وفی مصحف ابن عباس قراءة ابیؓ وابی موسیٰ بسم الله الرحمٰن الرحیم اللهم انا نستعینک ونستغفرک نثنی علیک الخیر ولا نکفرک ونخلع ونترک من یفجرک ، ترجمہ ، جناب ابن عباس کے مصحف میں اور قراءت ابیؓ اور ابی موسیٰ سے ثابت ہے کہ سورہ خلع اور حفد ہیں

حضرت عمر سورہ حفد اور خلع کو نماز میں تلاوت کرتے تھے

تفسیر اتقان کی عبارت } ان عمر بن الخطاب قنت بعد الرکوع فقال بسم الله الرحمٰن الرحیم اللهم انا نستعینک ونستغفرک نثنی الیک ...... قال ابن جریج حکمة البسملة انهما سورتان فی مصحف بعض الصحابة

ترجمہ ، حضرت عمر صاحب نماز میں ان سورتوں کو پڑھتے تھے اور ابن جریج فرماتے ہیں کہ انکی ابتداء میں بسم اللہ آنے کی حکمت یہ ہے کہ یہ دونوں سورت قرآن ہیں بعض صحابہ کے مصحف میں ، نوٹ ، جناب ابن عباس اور ابی بن کعب اور حضرت عمر ان تینوں میں دو صحابی اور ایک خلیفہ ہے اور یہ سورہ خلع اور حفد کے قرآن ہونے کا اقرار و اعلان فرماتے ہیں ، اور اگر یہ صحابہ سچے ہیں تو عثمان نے ان سورتوں کو قرآن سے اڑایا کیوں ہے ،

پس معلوم ہوا کہ جب یہ سورتیں موجودہ قرآن میں نہیں ہیں تو قرآن میں کمی ہوئی ہے

خدا محفوظ رکھے ہر بلا سے خصوصاً صحابہ پرستی کی وبا سے

اگر علماء سپاہ صحابہ و دیوبند نے کسی گاٹے کے بجائے غیرت

مند ماں کا دودھ پیا ہے تو ابو موسیٰ اشعری اور ابی بن کعب پر بھی کفر کے فتو

ارباب انصاف یہ علماء سپاہ صحابہ جو بے ایمان کے میدان کے بہت بڑے
پہلوان ہیں اور اپنے ٹیڑھے پاؤں سے لے کر اپنے عقل سے خالی سر دل تک زور
کہتے ہیں، کہ بغض صحابہ لعنۃ اللہ ہم کہتے ہیں کہ صحابہ سے دشمنی کا مظاہرہ سب سے
پہلے اور سب سے زیادہ حضرت عائشہ اور حضرت معاویہ نے کیا تھا، خیر یہ مسئلہ
ذرا تفصیل طلب ہے فی الحال ہم ان کافر ساز ملاں سے یہ سوال کرتے ہیں، کہ ابو
موسیٰ اشعری صحابی کے بارے چھ عدد کتب اہل سنت گواہ ہیں کہ یہ صحابی عثمان
کے جمع کردہ قرآن میں کمی کا عقیدہ رکھتا تھا اور صحابہ کرام کے امام ابی ابن
کعب بھی عثمان کے قرآن میں کمی آیات کا عقیدہ رکھتا تھا، نیز عبداللہ
بن عباس اور حضرت عمر نے بھی ایسی آیات کی نشان دہی فرمائی ہے جو موجودہ
قرآن میں نہیں ہیں، پس ہم شیعہ خیر البریہ کا علماء سپاہ صحابہ سے یہ سوال ہے
کہ اگر آیات قرآن میں بقول تمہارے کمی کا عقیدہ رکھنے سے کوئی کافر ہو جاتا ہے
تو یہ کہاں کا انصاف ہے کہ اس محکوم بالکفر ہونے کی سعادت سے مذکورہ
اصحاب کو محروم رکھ کر بیچارے انصاف کے گلے پر چھری پھیر دی جائے، اگر صحابہ
کرام قرآن پاک کی آیات میں نقصان کا عقیدہ رکھیں وہ اسی عقیدہ کی وجہ سے علماء سپاہ
صحابہ کے امام کہلوائیں گے، تو یہ کہاں کا انصاف ہے اگر ایک فعل صحابی کرتا ہے
تو وہ فعل اسکی فضیلت بن جاتا ہے اور اگر اسی فعل کو کوئی دوسرا کرتا ہے
تو وہ فعل اس کے کفر کا سبب بن جاتا ہے، یہ اسلام نہیں ہے بلکہ معاویہ شاہی ہے،

بغیر کسی خوف کے جان ہتھیلی پر رکھ مستقبل سے بے نیاز ہو کر کہتا ہوں

کہ علماء دیوبند و سپاہ صحابہ کے بزرگان کا موجودہ قرآن پر ایمان نہیں ہے

اے عثمانیو! بوتل کے بجائے اگر تم نے کسی غیرت مند ماں کا دودھ پیا ہے
تو کسی عدالت میں رٹ کرو، اور میں ثابت کروں گا کہ تمہاری کتابیں گواہ ہیں
کہ قرآن میں علیؑ کا نام تھا، لفظ آل محمدؐ تھا مگر اب موجودہ قرآن میں یہ دونوں لفظ
نہیں ہیں، اور اگر میں ثابت نہ کر سکا تو پھانسی کا پھندا خوشی گلے میں ڈال لونگا اور ان
روایات کو ضعیف اور بلا سند کہنے والوں کو دعوت فکر ہے کہ وہ تفسیر درمنثور کے
خطبہ میں بما وصل الینا بالاسناد العالی من الخبر الماثور۔ اور والتخریج الی کل
کتاب معتبر کے الفاظ پڑھیں اور علیؑ و اولاد علیؑ کے فضائل سے انکار کر کے منافق
ہو کر نہ مریں، اگر سنی کتب میں کچھ روایات غلط ہیں تو ان میں ابوبکر، عمر کی فضیلت
کی روایات سرفہرست ہیں اور بفرض محال اگر مان لیا جائے کہ مذکورہ روایات
فضائل آل محمدؐ میں اہلسنت کی گھڑی ہوئی جھوٹی روایات ہیں تو پھر بھی ہم شیعوں
کی فتح عظیم ہے کیونکہ مرویات صحابہ کو جعلی کہہ کر علماء اہلسنت نے ہمارے سامنے
صحابہ کا جھوٹا ہونا مان لیا ہے، فضیلت آل محمدؐ جعلی نہیں ہے اور انکی خلافت
خیالی نہیں ہے، خیالی خلافت ہے تو وہ حضرات ثلثہ کی ہے کہ جسکی صداقت کے
لئے آج تک نواصب نے کوئی آیت قرآن اور نہ ہی حدیث متواتر پیش کی ہے اور
نہ ہی قیامت تک وہ پیش کر سکتے ہیں، اور آیت بلغ میں ہے سے مولیٰ علیؑ
کی خلافت کا ناقابل تردید ثبوت ہے، البتہ اس آیت سے لفظ علیؑ کو نکال
کر نواصب نے اپنے منہ پر لعنت کی سیاہی مل لی ہے،

امام اہلسنت حافظ ابن مردویہ کی گواہی کہ قرآن پاک میں حضرت علیؑ کا نام موجود تھا اور عثمان نے نکال دیا

اہل سنت کی معتبر کتاب درمنثور ص ۲۹۸ ج ۲ آیت ۶۷ المائدہ

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر روح المعانی ص ۱۹۳ ج ۹ پ ۶

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر فتح القدیر ص ۵۷ ج ۲ المائدہ آیت ۶۷

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر مظہری ص ۱۵۳ ج ۳ از ثناء اللہ عثمانی

اہل سنت کی معتبر کتاب مفتاح النجاۃ ص از مرزا معتمد خان

روح المعانی کی عبارت } اخرج ابن مردویہ عن ابن مسعود قال کنا نقرأ علی عہد رسول اللہ یا ایہا الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک ان علیاً مولی المؤمنین وان لم تفعل الخ

ترجمہ، حافظ احمد بن موسیٰ بن مردویہ الاصفہانی نے اپنے اسناد سے عبداللہ بن مسعود سے نقل کیا ہے، کہ ابن مسعود کہتا ہے کہ نبی کریمؐ کے زمانے میں ہم آیت بلغ کو اس طرح پڑھتے تھے کہ ما انزل الیک من ربک ان علیا مولی المؤمنین،

نوٹ، اس حدیث سے صاف ظاہر ہوا کہ علیؑ کا نام قرآن میں موجود تھا اور عثمان نے اپنے خفیہ کینہ کی وجہ سے اسکو قرآن سے نکال دیا تھا اور اگر حدیث قبول نہیں ہے تو ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں کہ اہلسنت کے بزرگوں کو کیا مجبوری تھی کہ انہوں علیؑ کی فضیلت میں جھوٹی حدیث بنائی

ع الفضل ما شہدت بہ الاعداء

امام اہلسنت قاضی محمد بن علی شوکانی کا عقیدہ کہ قرآن میں علیؑ کا نام موجود تھا، اور عثمان صاحب نے اسکو نہ رہنے دیا،

فتح القدیر کی عبارت } عن ابن مسعود قال کنا نقرأ علی عہد النبیؐ، یا ایہا الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک ان علیاً مولی المؤمنین،

ترجمہ، سنیوں کے امام قاضی شوکانی فرماتے ہیں کہ صحابی رسول اللہ عبداللہ بن مسعود کہتا ہے کہ نبی کریمؐ کے زمانہ میں ہم اس آیت کو یوں پڑھتے تھے، ما انزل الیک من ربک ان علیا مولی المؤمنین،

نوٹ، ارباب انصاف یہ عبداللہ بن مسعود صحابی رسولؐ ہے اور یہ فضائل شیخین جب بیان کرتا ہے تو اہلسنت کو میٹھا لگتا ہے اور جب یہ گواہی دے رہا ہے علیؑ کا نام قرآن پاک میں تھا تو اس صحابی کا فرمان سنیوں کو ماننا پڑے گا

ثناء اللہ عثمانی کا اعتقاد کہ قرآن پاک میں علیؑ کا نام موجود تھا

تفسیر مظہری کی عبارت } عن ابن مسعود قال کنا نقرأ ..... ان علیاً مولی المؤمنین

یہ امام اہلسنت ثناء اللہ عثمانی بھی یہی عقید رکھتا تھا، کہ آیہ بلغ ما میں ان علیاً مولی المؤمنین کے الفاظ موجود تھے،

نوٹ، ہمارے یہ حوالجات دعوت فکر ہے ان مولانا صاحبان کیلئے جو شیعوں کی طرف اس دعوئی کی نسبت دیتے ہیں کہ علیؑ کا نام قران میں موجود تھا،

سنیوں کے بہت بڑے امام جلال الدین سیوطی کا عقیدہ کہ قرآن پاک میں علیؑ کا نام موجود تھا اور عثمان کمیٹی نے ابن عفان کو خوش کرنے کیلئے نکال دیا،

درمنثور کی عبارت اور حافظ ابن مردویہ نے ابن مسعود سے نقل کیا ہے کہ زمانہ رسول اللہؐ میں ہم آیت بلغ ما میں یہ الفاظ بھی پڑھتے تھے کہ ان علیاً مولی المؤمنین،

اہل سنت کے چار اماموں کی گواہی کہ قرآن میں علیؑ کا نام موجود تھا

کچھ علماء اہلسنت شیعہ علماء کو اس لئے برا بھلا کہتے ہیں کہ انہوں نے ایسی روایات نقل کی ہیں کہ جن میں یہ ذکر ہے کہ قرآن میں علیؑ کا نام موجود تھا، ہم شیعہ خیر البریہ سنی علماء کو دعوت فکر دیتے ہیں کہ اگر اس قسم کی روایات کے ذکر کرنے سے بقول تمہارے وہ ذکر کرنے والا عالم اور اس کا مذہب تحریف قرآن کا قائل بن جاتا ہے اور موجودہ قرآن پر اس کا ایمان نہیں رہتا اور کافر ہو جاتا ہے، تو پھر یہ کافر ہونے والی فضیلت پہلے تو چار عدد سنی علماء اور ایک صحابی کو بھی حاصل ہے، اور پھر اس فضیلت کا تاج تمام مذہب اہلسنت کے سر پر ہے یہ کہاں کا انصاف ہے کہ اگر ایک بات سنی علماء اور صحابہ کریں تو وہ کافر نہیں ہیں اور اگر وہی بات شیعہ علماء کریں تو وہ کافر ہیں اور اگر سنی کتابوں میں ایسی باتیں تاویل کے قابل ہیں تو ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں، کہ تاویل کا حق صرف اہلسنت کو حاصل ہو اور دوسروں کا اس حق سے محروم ہونا یہ بھی مذہب اصحاب کی ایک بے انصافی ہے،

اگر تسلی نہیں ہوئی تو اور سنیں کہ قرآن پاک کی سورہ احزاب میں بھی ہمارے مولیٰ علیؑ کا نام تھا، اور سنی علماء کی گواہی حاضر خدمت ہے،

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر روح المعانی ص ۱۵۷ پ ۲۱ آیت ۲۵
اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر درمنثور ص ۱۹۲ ج ۵ الاحزاب آیت ۲۵
اہل سنت کی معتبر کتاب معارج النبوت ص ذکر جنگ خندق
اہل سنت کی معتبر کتاب مفتاح النجاۃ ص از مرزا محمد بدخشانی

روح المعانی کی عبارت واخرج ابن مردویہ عن ابن مسعود انہ کان یقرأ ھذا الحرف وکفی اللہ المومنین القتال بعلی ابن ابی طالب کان اللہ قویا عزیزاً۔

مفتی بغداد شہاب الدین کا عقیدہ کہ قرآن پاک میں علیؑ کا نام تھا

یہ علامہ الالوسی لکھتے ہیں کہ ابن مردویہ نے ابن مسعود سے نقل کیا ہے کہ وہ اس آیت کفی اللہ المومنین القتال کے بعد بعلیؑ ابن ابی طالبؑ کے الفاظ کو بھی پڑھتے تھے،

سنی علامہ مرزا محمد بدخشانی کا عقیدہ کہ قرآن پاک میں علیؑ کا نام تھا

مفتاح النجاۃ کی عبارت عن ابن مسعود انہ کان یقرأ وکفی اللہ المومنین القتال بعلی بن ابی طالبؑ کان اللہ قویا عزیزاً، ترجمہ، ابن مسعود سورہ الاحزاب کی مذکورہ آیت ۲۵ میں علیؑ کے نام کو پڑھتے تھے لفظ القتال کے بعد بعلی ابن ابی طالبؑ پڑھتے تھے

علامہ سیوطی کا عقیدہ اور گواہی کہ الاحزاب پارہ ۲۱ میں علیؑ کا نام موجود تھا، اور یہ گواہی دشمنان علیؑ محبان عثمان کے دلوں پر خنجر

تفسیر درمنثور کی عبارت ملاحظہ اخرج ابن ابی حاتم وابن مردویہ وابن عساکر عن ابن مسعود انہ کان یقرأ ھذا الحرف وکفی اللہ المؤمنین القتال بعلیؑ ابن ابی طالبؑ،

ترجمہ، ابن ابی حاتم اور ابن مردویہ اور ابن عساکر نے صحابی رسول عبداللہ بن مسعود سے نقل کیا ہے کہ وہ سورہ احزاب کی آیت ۲۵ کو اس طرح پڑھتے تھے کہ القتال کے بعد وہ لفظ بعلیؑ کو اس کے ساتھ ملاتے تھے،

امام علی مرتضےٰؑ کے نام نامی کے قرآن پاک میں موجود ہونے کی گواہی دینے سے سنی علماء کیا کافر اور مرتد ہو گئے ہیں،

ارباب انصاف سنی احباب کی فتویٰ ساز فیکٹری میں شیعوں کے خلاف فتاویٰ تیار کرنے کی ایک وجہ یہ بھی گھڑی گئی ہے کہ انکے علماء نے ایسی روایات نقل کی ہیں، کہ جنہیں یہ ذکر ہے کہ سورہ احزاب میں علیؑ کا نام تھا پس شیعہ تحریف کے قائل ہیں اور جو تحریف قرآن کے قائل ہے وہ کافر ہے ہم شیعہ خیر البریہ اس تقریر دلپذیر کو ان الفاظ کے ساتھ انکی خدمت میں واپس لوٹاتے ہیں کہ علماء اہلسنت نے بھی یہ روایات نقل کی ہیں کہ سورہ احزاب میں علیؑ کا نام تھا، پس ان روایات کے اپنی کتب میں لکھنے کے باعث علماء اہل سنت بھی قائل تحریف ہو کر منکر قرآن ہو گئے اور پھر سنی مذہب کے تمام لوگ قرآن پر ایمان نہ ہونے کی وجہ سے کافر ہو گئے،

امام اہلسنت علامہ ثعلبی کی گواہی کہ قرآن پاک میں آل عمران کے بعد لفظ آل محمدؐ بھی موجود تھا، اور آل عفان وآل مروان کو اس کا بڑا دکھ تھا،

ضروری وضاحت ارباب انصاف علامہ ثعلبی کی تعریف کے علماء اہلسنت نے پل باندھ دیئے ہیں، ثبوت کے لئے قاضی شمس الدین بن خلکان کی کتاب وفیات الاعیان اور علامہ یافعی کی مرأۃ الجنان اور ابن جماعت کی طبقات فقہاء شافعیہ اور سیوطی کی بغیۃ الوعاۃ ملاحظہ کریں۔

ثعلبی کی تعریف یاقوت حموی نے ان الفاظ کے ساتھ علماء اہلسنت سے نقل کی ہے، کان خیر العلماء بل بحرھم و نجم الفضلاء بل بدرھم و زین الائمۃ بل فخرھم واوحد الائمۃ بل صدرھم، اور اس جلیل القدر علامہ کی ایک تفسیر ہے جسکا نام ہے "الکشف والبیان عن تفسیر القرآن"

وضاحت ۲، ملاحظہ عبداللہ بن مسعود وہ جلیل القدر صحابی ہے کہ جسکی بابت کتاب اہل سنت صحیح مسلم ص— میں لکھا ہے، عن مسروق قال ذکروا ابن مسعود عند عبداللہ بن عمر فقال ذالک رجل لا ازال احبہ بعد ما سمعت رسول اللہؐ یقول استقرؤا القرآن من اربعۃ من ابن مسعود و معاذ بن جبل الخ ترجمہ، مسروق کہتا ہے کہ عبداللہ بن عمر کے پاس ابن مسعود کا ذکر ہوا تو وہ کہنے لگا کہ میں اسکو اس دن سے دوست رکھتا ہوں جب سے نبی کریمؐ نے فرمایا تھا، کہ قرآن کریم چار آدمیوں سے پڑھو، ۱۔ عبداللہ بن مسعود ۲۔ معاذ بن جبل ۳۔ ابی بن کعب ۴۔ سالم مولی ابی حذیفہ، اب ثعلبی اور ابن مسعود کی گواہی آل محمدؐ کی فضیلت میں ملاحظہ ہو،

علامہ ثعلبی اور ابن مسعود کی گواہی کہ قرآن میں لفظ آلِ محمدؐ موجود ہے

تفسیر ثعلبی کی عبارت ملاحظہ ہو۔ منقول از استقصاء الافحام در جواب منتہی الکلام در... تصنیف علامہ میر سید حامد حسین رحمۃ اللہ علیہ

اخبرنی ابو محمد عبد اللہ بن محمد بن عبد اللہ القاینی نا ابو الحسن بن عثمان بن الحسن النصیبی نا ابو بکر محمد بن الحسین بن صالح السبیعی نا احمد بن محمد بن سعید نا احمد بن میثم بن ابی نعیم نا ابو جنادہ السلولی عن الاعمش عن ابی وائل قال قرأت فی مصحف عبد اللہ بن مسعود ان اللہ اصطفیٰ آدم و نوحًا و آل ابراھیم و آل عمران و آل محمد علی العالمین۔

ترجمہ، ابی وائل بیان کرتا ہے کہ عبد اللہ بن مسعود کے قرآن میں میں نے اس آیت میں کہ اللہ نے آدمؑ اور نوحؑ کو چن لیا ہے اور آل ابراہیمؑ اور آل عمرانؑ کو چن لیا ہے، آل عمران کے بعد لفظ آل محمدؐ بھی پڑھا تھا،

عثمان کی ابن مسعود سے نفرت اور اس کے قرآن کو خاص طور پر جلانے کی وجہ

ارباب انصاف نبی کریمؐ نے ابن مسعود سے قرآن پڑھنے کا حکم فرمایا تھا اور ابن مسعود کے مصحف میں ایسی قرائات لکھی تھی، کہ جن سے آل محمدؐ کی فضیلت ثابت ہوتی تھی پس عثمان بنو امیہ کے ترجمان کے دل میں بغض آل محمدؐ کی آگ بھڑک رہی تھی اس نے ابن مسعود کو قرآن جمع کرنے والی کمیٹی میں بھی شامل نہ کیا اور ابن مسعود کے قرآن کو بھی فضیلت آل محمدؐ کے مٹانے کی طرح آگ لگا دی، اور ہم بھی ان روایات کو اس لئے لکھ رہے ہیں کہ دشمنان آل محمدؐ کے دل ان کو پڑھ کر سیخ آہ پر بھن کر کباب ہوتے ہیں،

حضرت عبد اللہ بن عباس صحابی رسولؐ اللہ نے عثمان اور بنو امیہ سے ڈرتے ڈرتے یہ گواہی دے ہی دی کہ قرآن پاک میں لفظ آل محمدؐ اور آل یٰسٓ تھا،

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر طبری جلد ۳ صفحہ ۱۴۳ سورہ آل عمران آیت ۳
عن ابن عباس فی قولہ تعالیٰ ان اللہ اصطفیٰ آدم و نوحًا و آل ابراھیم و آل عمران علی العالمین قال ھم المؤمنون من آل ابراھیم و آل عمران و آل یاسین و آل محمد

ترجمہ، ابن عباس مذکورہ آیت کے بارے فرماتے کہ اللہ نے جنکو چن لیا ہے وہ آل ابراہیم اور آل عمران، آل یٰسٓ اور آل محمدؐ سے وہ لوگ مراد ہیں جو مومنین ہیں،

سنی ملاں باچھیں پھاڑ کر کے فرماتے ہیں کہ یہ تفسیری نوٹ ہے،

ارباب انصاف ابن عباس کی گواہی نے مذہب اہل سنت کی کمر توڑ دی ہے۔ کیونکہ سنی ملاں کے لئے جو کہ ناصبی بھی ہے آل محمدؐ کی فضیلت سننا اور پڑھنا سکرات موت سے کم نہیں ہے، ابن مسعود کے قرآن میں آل عمران کے بعد صاف آل محمدؐ لکھا ہوا تھا اور ابن عباس نے بھی گواہی دی کہ آل یٰسٓ اور آل محمدؐ اس آیت میں داخل ہیں۔

پس دشمن آل رسولؐ ملاں کا اس روایت سے جگر پھٹ گیا اور اس نے یہ تاویل گھڑی اور جان چھڑائی کہ یہ تو تفسیری نوٹ ہیں، سبحان اللہ
ع تیری زلف میں پہنچی تو حسن کہلائی" کتب شیعہ میں بھی اسی طرح کے تفسیری نوٹ ہیں،

سپاہ صحابہ وعلماء دیوبند کسی ٹرک کے نیچے سر دیکر ہلاک ہو سکتے ہیں مگر

فضیلت آل محمدؐ میں ہمارے پیش کردہ حوالہ جات کی تردید نہیں کر سکتے

ارباب انصاف وہ ناصبی ملاں کہ جب آل نبیؐ کی کوئی فضیلت کسی کتاب میں انکی آنکھوں
کے سامنے آتی ہے تو فوراً ہی ایک سو چار درجہ کا بخار اسکو شروع ہو جاتا
یہ ملاں باچھیں مُتحر ٹیں کر کے گز بھر کی زبان نکال کر یہ کہتا ہے کہ شیعہ کہتے ہیں کہ قرآن
پاک میں علیؑ کا نام تھا، قرآن میں لفظ آل محمدؐ بھی تھا اور عثمان نے نکال دیا ہے
پس شیعوں کا قرآن پر ایمان نہیں ہے اور ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں، کہ
چیز کو علماء اہلسنت نے بھی اپنی کتابوں میں ذکر فرمایا ہے، پس انکا ایمان بھی
قرآن پاک پر نہیں ہے، حوالہ جات تھوک کے حساب سے گذر چکے ہیں، کہ امام
اہلسنت حافظ ابن مردویہ اور امام اہلسنت قاضی محمدؐ شوکانی اور امام اہلسنت قاضی ثناء
اللہ عثمانی اور امام اہلسنت جلال الدین سیوطی اور امام اہلسنت شہاب الدین الالوسی
اور امام اہلسنت مرزا معتمد خان بدخشانی اور امام اہلسنت امام المفسرین علامہ ثعلبی
اور صحابی رسول اللہ حضرت عبد اللہ بن مسعود فرماتے ہیں، کہ قرآن پاک میں علیؑ کا نام
علی بن حمزہ نے کہا ہے کہ میں نے بعض اشعری عثمانیوں کو دیکھا کہ انہوں نے یبطع المصحف برجلہ کہ قرآن پاک کو پاؤں سے روندا ہے میں نے اس کو کہا ہے کہ تیرے لیے ویل ہے یہ قرآن ہے۔ اس نے کہا کہ یہ تو صرف سیاہ رنگ کے حروف ہیں نیز ایک اشعری عثمانی نے کہا کہ جو شخص سورہ اخلاص کو کلام اللہ کہے اس پر خدا لعنت۔ نوٹ شیخین کی تعلیمات کی برکات ہیں کہ قرآن کو آگ لگانے اور پاؤں سے روندنے سے سنیت کا کچھ نہیں بگڑتا۔

فتنہ اور اختلاف کی بیماری کا اصحاب کی طب میں مجرب علاج قرآن

جلانا ہے اور اس نسخہ کا موجد بقراط صحابہ حضرت امیر عثمان ہے

روضۃ الاحباب کی عبارت } صـ۲۲۹ ج۲ وامر کرد ما سوائے آن مصاحف را از مصحف غرق یا حرق نمودند رعایۃ لسد باب الاختلاف،

ترجمہ، جو مصاحف عثمان نے خود تیار کروائے تھے آرڈر دیا کہ انکے علاوہ جو تھے وہ غرق کر دیئے گئے، یا جلا دیئے گئے، اور یہ قرآن جلائے گئے تھے، دروازہ اختلاف کو بند کرنے کی خاطر،

ریاض النضرہ کی عبارت } الخامسۃ عشرۃ وھی احراق مصحف ابن مسعود فلیس ذالک الا دواء لفتنۃ کبیرۃ لکثرۃ ما فیہ من الشذوذ المنکر الخ

ترجمہ، عثمان پر اعتراض صـ۱۵ یہ تھا کہ اس نے عبد اللہ بن مسعود کا قرآن جلایا تھا، اس کا جواب یہ ہے کہ ایک بہت بڑے فتنہ کے علاج کے لئے عثمان نے ایسا کیا تھا کیونکہ اس کے قرآن میں شاذ منکر زیادہ تھا،

نوٹ، کیا کہنا اس جالینوس صحابہ حضرت عثمان کا اسلام کی بیماری کا جو علاج معاذ اللہ خدا اور رسولؐ اور ابوبکر و عمر کی سمجھ میں نہ آیا وہ عثمان کے ذہن میں فوراً آگیا، ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں، کہ ابن مسعود بھی تو صحابی تھا اور اس نے قرآن میں اتنی تو تبدیلی کر لی تھی، کہ عثمان کو اسکا قرآن جلانا پڑا تھا پس قرآن کے حق میں یا ابن مسعود گستاخ تھا یہ عثمان، قرآن جلانا گستاخی ہے اور توہین قرآن ہے، اور بے ادبی ہے اور یہ تمام امور عثمان نے کئے تھے،

اہلسنت علماء کا اعلان کہ شیعہ کا عقیدہ تحریف بالکل نہیں ہے

اس اعلان سے ہم شیعوں کی سچائی کا پورے عالم میں ڈنکا بج گیا ہے

سنی عالم شیخ محمد المدنی نے کلمۃ الاسلام میں اور سنی عالم شیخ رحمت اللہ نے اپنی کتاب اظہار حق میں اور سالم البہنساوی نے اپنی کتاب السنۃ میں اور امام اہلسنت شیخ غزالی نے اپنی کتاب دفاع میں اور عبد العزیز نے اپنے تحفہ میں اور شیخ عبد الحق سنی نے مقدمہ تفسیر حقانی میں اور غلام دستگیر سنی نے رسالۃ البرہان میں اور عبد الغنی سنی نے مذہب اسلامیہ میں اور حافظ محمد اسلم نے تاریخ القرآن میں اور علامہ پرویز نے اپنی مذاہب عالم میں یہ لکھا ہے،

کہ اہل تشیع قرآن پاک میں تحریف کے قائل نہیں ہیں، اور اہل سنت علماء کی یہ گواہی ہم شیعہ مسلمانوں کی فتح عظیم ہے، اور اس سے ہمارے مخالف کا سر جہنم واصل ہونے تک جھکا رہے گا اور ہمارے مولا علی کی ایک یہ بھی کرامت ہے کہ ہم شیعوں کے مخالف کو خداوند عالم اس کے اپنے پیر بھائیوں کے قلم سے جھوٹا ثابت کرواتا ہے اور اب ہم علماء اہلسنت کی کتابوں سے عبارات پیش کر کے ہر مصنف کو دیانت وانصاف کا واسطہ دیکر دعوت فکر دیتے ہیں کہ عقیدہ تحریف کی ہماری طرف نسبت دینے یا نفی کرنے والے دونوں قسم کے سنی علماء میں سے ایک تو یقیناً جھوٹا ہے،

سنی علامہ شیخ رحمت اللہ کی زبان پر شیعوں کے حق میں کلمہ حق

جاری ہو گیا کہ شیعہ مسلمان قرآن میں تحریف کے قائل نہیں ہیں

اہل سنت کی معتبر کتاب اظہار حق ص۸۹ ج۲ تالیف شیخ رحمت اللہ منقول از مع الخلیب فی خطوطہ العریضہ، از لطف الصافی

القرآن المجید عند جمہور علماء الشیعۃ الامامیۃ الاثناعشریہ محفوظ عن التغییر والتبدیل ومن قال منھم بوقوع النقصان فیہ فقولہ مردود غیر مقبول عندھم

ترجمہ، شیعہ امامیہ اثنا عشریہ کے بزرگ علماء کے نزدیک قرآن ہر قسم کی تغیر اور تبدیلی سے محفوظ ہے اور اگر ان میں سے کوئی کمی آیات قرآن پاک کا دعویٰ کرے تو اس کا قول شیعوں کے ہاں مردود ہے قبول نہیں ہے

سنی علماء کا اقرار کہ شیعوں کے ہاں قائل تحریف کافر ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب السنۃ المفتری علیہا ص۶۰ از سالم البنہاوی جو قرآن ہم اہل سنت کے پاس موجود ہے بالکل وہی شیعہ مساجد اور گھروں میں موجود ہے،

ص۲۹۳ فقہ جعفریہ اثنا عشریہ اس قرآن مجید میں تحریف کے قائل کو کافر سمجھتا ہے جن کے بارے میں صدر اسلام سے لے کر آج تک امت کا اجماع ہے،

نوٹ، سنی عالم نے گواہی دی ہے کہ قائل تحریف پر شیعہ لوگ تکفیر کے پھول نچھاور کرتے ہیں اور جتنی آیات والے قرآن سنی مساجد میں تلاوت ہوتے اتنی ہی آیات والے قرآن شیعہ مساجد میں تلاوت ہوتے ہیں،

امام اہل سنت شیخ غزالی کا فتویٰ کہ مسئلہ تحریف قرآن بے ایمان لوگوں نے شیعوں کو بدنام کرنے کیلئے گھڑا ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب دفاع عن العقیدۃ الشریعۃ منذ مطاعن المستشرقین ص۲۵۶ مولف شیخ غزالی

میرے پاس عوام میں ایک شخص غضبناک حالت میں آیا اور پوچھا کہ شیخ ازہر نے یہ فتویٰ کیسے دیا ہے، کہ مذہب شیعہ بھی اسلامی مذہب میں سے ہے، میں نے کہا آپ شیعہ کے بارے میں کیا جانتے ہیں، تھوڑی دیر خاموشی کے بعد اس نے کہا وہ ہمارے دین پر نہیں ہیں میں نے اس سے کہا، مگر ان کو نماز پڑھتے اور روزہ رکھتے میں نے دیکھا ہے، جیسے ہم لوگ نماز، روزہ کرتے ہیں، اس شخص نے تعجب سے کہا، کیسے؟ میں نے اس سے کہا، آپ کے لئے اور زیادہ تعجب کی بات یہ ہے، کہ وہ قرآن بھی پڑھتے ہیں اور رسول اللہ کی تعظیم بھی کرتے ہیں اور حج بھی کرتے ہیں، اس نے کہا، میں نے سنا ہے، ان کا کوئی اور قرآن ہے وہ لوگ کعبہ کی توہین کرنے کیلئے مکہ جاتے ہیں، میں نے اس آدمی سے کہا تو معذور ہے، ہم میں سے بعض لوگ ایک دوسرے کو بدنام کرنے کیلئے ایسی باتیں کرتے ہیں

نوٹ، حق کا بول بالا ہے، چونکہ ہم شیعہ خیرالبریہ ہیں اس لئے خدا نے ہمارے حق میں سنیوں کے امام سے گواہی دلوا کر ہمارے مخالف کو ذلیل و خوار فرمایا ہے،

شاہ عبدالعزیز سنی کی گواہی کہ تمام روایات شیعہ امامیہ سے یہ ثابت ہے کہ ائمہ اہلبیتؑ اسی قرآن کو پڑھتے اور اس کا حکم دیتے تھے

اہل سنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ ص۱۳۹ باب ۵ عقیدہ دہم

عبارت: پس در جمیع روایات امامیہ موجود است کہ ہمہ اہلبیتؑ ہمیں قرآن را میخواندند و بعام و خاص و دیگر وجوہ نظم او تمسک میکردند، و بطریق استشہاد ے آوردند و آیات او را تفسیر ے کردند و تفسیرے کہ منسوب است بامام حسن عسکریؑ ہمین قرآن ست لفظاً بلفظ و صبیان و جواری و حدم و اہل و عیال خود را ہمین قرآن تعلیم میفرمودند و بخواندن آں در نماز امر میکردند و بنا براین امور شیخ ابن بابویہ در کتاب الاعتقادات خود انکار این عقیدہ کاذبہ و ست بردار شدہ و فارغ خطی دادہ از این جہت اگر او را صدوق نامند بجا ست،

ترجمہ، اور شیعہ امامیہ کی تمام روایات میں موجود ہے، کہ تمام ائمہ اہلبیتؑ اسی قرآن کو پڑھتے تھے، اور عام و خاص کے ساتھ اور دوسرے وجوہ میں وہ اسی قرآن سے تمسک کرتے تھے، اور استشہاد کے وقت بھی وہ اسی قرآن کی آیات کو پیش فرماتے تھے، اور اسی قرآن کی آیات کی وہ تفسیر بھی فرماتے تھے، اور حضرت امام حسن عسکریؑ کی طرف جو تفسیر منسوب ہے، وہ بھی لفظ لفظ اسی قرآن کی تفسیر ہے، اور شیعوں کے امام اپنے بچوں کو اپنے غلاموں اور کنیزوں کو اور اپنے تمام اہل و عیال کو اسی موجودہ قرآن کی تعلیم دیتے تھے، اور نماز میں انکو اسی قرآن کے پڑھنے کا حکم دیتے تھے، اور انہیں امور کی وجہ سے

شیخ ابن بابویہ نے اپنی کتاب الاعتقادات میں آیات قرآنی میں کمی کے جھوٹے عقیدہ سے ہاتھ اٹھایا ہے، اور اسی وجہ سے اگر انکو صدوق کہا جاتا ہے، تو بجا ہے، نوٹ، یہ اہلسنت کا مناظر اعظم ہے، اور ہم شیعوں کی مخالفت میں اس نے کتاب تحفہ لکھی ہے، مگر خداوند عالم کا اس کو دور کر کے ہمارے حق میں اس کے قلم سے کچھ لکھوا لینا یہ ہم شیعوں کی فتح مبین ہے، کیونکہ اس عبدالعزیز نے اپنی دوسری برادری کی طرح عقیدہ تحریف کا ہم پر جھوٹا الزام لگایا، اور خدا نے اس کو اس طرح ذلیل فرمایا ہے، کہ اس جھوٹے الزام سے ہماری برائت کو خدا نے اسی کے قلم سے لکھوایا،

شیخ عبدالحق دہلوی سنی کی گواہی کہ شیعہ کمی آیات قرآن کا عقیدہ نہیں رکھتے یہ بھی ہم شیعوں کی فتح مبین ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب فتح المنان مقدمہ تفسیر حقانی ج ۱ ص ۶۳ سطر ۱۰ طبع شیخ غلام علی لاہور ۱۳۰۶۴ھ

آج تک سلف سے لے کر خلف تک کوئی محقق شیعہ بلکہ کوئی اہل اسلام بھی یہ عقیدہ (کہ قرآن میں کمی و زیادتی و تحریف ہوئی ہے) نہیں رکھتا، چنانچہ علماء شیعہ اس خیال کی برأت اپنی کتابوں میں بڑی شد و مد سے کرتے ہیں شیخ صدوق ابوجعفر محمد بن علی بابویہ اپنے رسالہ عقائدیہ میں لکھتے ہیں، کہ جو قرآن کہ اللہ نے حضرت کو دیا تھا، وہی ہے، جو اب لوگوں کے پاس موجود ہے، نہ اس میں کچھ کم ہوا ہے نہ زیادہ ـــ

تفسیر مجمع البیان میں جو کہ شیعہ کے نزدیک معتبر تفسیر ہے، سید مرتضٰی لکھتے ہیں، کہ جو قرآن کہ عہد پیغمبرؐ میں تھا، وہی اب بھی ہے، بلا تفاوت قاضی نور اللہ شوشتری اپنی کتاب مصائب النواصب میں لکھتے ہیں، کہ یہ بات جو شیعہ کی طرف منسوب کی جاتی ہے، کہ وہ قرآن میں تغیر و تبدل کے قائل ہیں، محض غلط ہے، محققین شیعہ میں سے کوئی بھی اس کا قائل نہیں اور جو کوئی کہے اس کا کیا اعتبار ہے،

ملا صادق شرح کلینی میں لکھتے ہیں، یہ قرآن اس طرح امام مہدیؑ تک سالم رہے گا، محمد بن حسن عاملی لکھتے ہیں، جو روایات پر ذرا بھی غور کرے گا، یقینی طور پر جان جاوے گا، قرآن مجید میں بچند وجوہ کمی و زیادتی ناممکن ہے، اور بالفرض کوئی صاحب یہ عقیدہ بھی رکھے تو ہم اسے دو وجہ سے قائل کرتے ہیں،

یا یہ کہ ائمہ اہلبیتؑ اور بنی ہاشم بالخصوص آل علیؑ اور خود حضرت علیؑ اور بنی فاطمہؑ نے کیوں اپنے مصاحف کو محفوظ نہ رکھا؟ بعد سے شیعہ ہی میں وہ قرآن مروج ہوتا اور مستعمل ہوتا اور اگر ظاہراً اسے نہ رکھتے چھپا ہی کے رکھتے، ورنہ حفظ ہی کے طور متواتر رکھتے بلکہ اصل حمیت اسلام تو یہ تھی، اس خیانت قرآن کے بارے میں مخالفین کو علی رؤس الاشہاد فضیحت کرتے اول تو جس طرح کچھ نہ کچھ لوگ ہر زمانہ میں انکے ساتھ ہوتے رہے ہیں، اس وقت بھی ہوتے ورنہ بنی ہاشم تو ضرور ساتھ دیتے اور اگر کوئی ساتھ نہ دیتا، تو خدا تو ساتھ ضرور ہی دیتا کہ جس نے

قریش کے مقابلہ میں تنہا، بے بس، بے زر یعنی سید المرسلینؐ کی مدد کی اور رسالے زمین پر اس کا مذہب پھیلا دیا ہے، ورنہ خبر جس طرح امامت اور ریاست کے بارے میں نوبت بشہادت پہنچی، اس خاص دینی کام کے لئے پہنچتی تو کیا تھا،

مولانا علام دستگیر آنجہانی سنی کی گواہی کہ شیعہ کمی آیات کا عقیدہ نہیں رکھتے ہیں یہ بھی ہم شیعوں کے سچے ہونے کا ایک ٹھوس ثبوت ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب رسالہ برہان ص۵ طبع لاہور

پھر پادری صاحب شیعہ کی طرف سے قرآن کا تغیر و تبدل نقل کرتے ہیں یہ بھی بے اصل بات ہے کیونکہ شیعہ کی معتبر کتاب سے مثل تفسیر مجمع البیان تفسیر صافی، صراط مستقیم و مصائب النوائب و رسالہ اعتقادیہ شیخ صدوق وغیرہ سے ثابت ہے کہ محققین شیعہ کے نزدیک قرآن اتنا ہی ہے جو دفتین میں منقول، مسطور اور مسلمانوں میں مشہور ہے کچھ کمی اور تغیر و تبدل اسمیں نہیں ہوا ہے،

نوٹ۔ شیعیان علیؑ کے خلاف چونکہ وکلاء صحابہ تو غو کرتے ہیں پس خدا نے ان کا اپنے ہی علماء کے ہاتھوں خانہ خراب کیا ہے اور تکذیب کا جوتا انکے منہ پر مارا ہے،

عبدالغنی سنی کشمیری کی گواہی کہ کمی آیات قرآن کی نسبت شیعوں کی طرف دینا یہ جہلا کی گپ ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب مذہب اسلامیہ ص۴۷۴ طبع لاہور

اثنا عشریہ کمی بیشی کے قائل نہیں اور یہ جو مشہور ہے کہ شیعہ اثنا عشریہ کہتے ہیں کہ صحابہ نے دس پارے قرآن مجید کے گم کر دیئے اور بعض شیعہ سورہ حسنینؑ اور سورہ فاطمہؑ، سورہ علیؑ پڑھا کرتے ہیں یہ جہلا کی گپ ہے آج تک سلف سے خلف تک کوئی محقق اثنا عشری یہ عقیدہ نہیں رکھتا،

حافظ محمد اسلم سنی جیپوری کا اعلان کہ شیعہ علماء تحریف کے قائل نہیں اور ان علماء کا یہ قول تقیہ پر بھی مبنی نہیں ہے،

اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ القرآن ص۶۲ تا ص۶۷ ب شیعہ اور قرآن ایمان بالقرآن کے بارے علماء شیعہ کے اقوال لکھنے کے بعد فرماتے ہیں کہ یہ ان علماء شیعہ کے اقوال ہیں جو اہل تشیع میں مقبول ہیں اور انکے بارے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ ان لوگوں نے تقیہ سے کہا کیونکہ ان میں سے بعض ایسے ہیں جنہوں نے اہل سنت کی تردید میں رسائل لکھے ہیں، انکے بارے تقیہ کا گمان نہیں کیا جا سکتا اور ابو جعفر قمی کی کتاب الاعتقاد اور ملا محسن کی تفسیر صافی یہ دونوں کتابیں شیعہ کے نصاب درس میں داخل ہیں اسلئے یہ خیال نہیں ہو سکتا ہے کہ وہ اپنے فرقہ کے خلاف اپنے فرقہ کو تعلیم دیتے تھے،

غلام احمد پرویز کی گواہی کہ قرآن میں تحریف کے بارے شیعوں کا عقیدہ نہیں ہے

وکلاء صحابہ کی مایۂ ناز کتاب مذاہب عالم کی آسمانی کتابیں ص۱۴۴ مطبوعہ اسلام ٹرسٹ ۲۵ بی گلبرگ ۲ - لاہور ،،

شیعہ حضرات کا اعتراف عام طور پر کہا جاتا ہے کہ شیعہ حضرات موجودہ قرآن کو غیر محرف نہیں مانتے وہ کہتے ہیں کہ قرآن میں ردوبدل ہوا ہے لیکن اب شیعہ حضرات کے بعض مجتہد اس حقیقت کا اعلان کر رہے کہ قرآن میں کسی قسم کا ردوبدل نہیں ہوا، مثلاً شیعی دنیا کے نامور فاضل شیخ محمد حسین الکاشف الغطاء کی کتاب اصل الشیعہ واصولہا کا اردو ترجمہ اصل واصول شیعہ رضا کار بک ڈپو لاہور نے شائع کیا تھا، اس میں وہ لکھتے ہیں وہ کتاب جو اس وقت مسلمانوں کے ہاتھ میں ہے یہ وہی ہدایت نامہ ہے، جسے پروردگار عالم نے معجزہ بنا کر نازل کیا اور اس کے ذریعے احکام دین کی تعلیم دی نہ اس میں کوئی کمی ہوئی نہ زیادتی، مسلمانوں میں جو لوگ تحریف کے قائل ہیں وہ خطا پر ہیں، کیونکہ اس اعتقاد سے نص قرآنی "انا نحن نزلنا الذکر وانا لہ لحافظون" کی تردید ہوتی ہے،

وکلاء صحابہ کی توپ کا شیعوں کے خلاف ایک یہ گولا بھی ہے

کہ شیعہ ایمان بالقرآن کے مسئلہ میں تقیہ کرتے ہیں اور بان چھڑواتے ہیں

ارباب انصاف وکلاء صحابہ مذہب اہل بیت سے لوگوں کو نفرت دلانے کے لئے یہ جھوٹ بھی بولتے ہیں کہ چونکہ موجود قرآن اصحاب ثلثہ کا جمع کردہ ہے اس لئے شیعہ اپنی جماعت کو یقین دلاتے ہیں کہ اصل قرآن اور ہے لیکن اگر مناظرہ کا چیلنج کیا جائے تو تقیہ کے طور پر کہہ دیتے ہیں کہ ہمارا اسی قرآن پر ایمان ہے اب ہم وکلاء ثلثہ کے اس اعتراض کا جواب دیکر ہر منصف کو دعوت فکر دیتے ہیں،

بلا تقیہ ہم شیعہ اعلان کرتے ہیں کہ ہمارا اسی قرآن پر ایمان ہے

ارباب انصاف ہر شخص کو مرنا ہے اور خدا کو جواب دینا ہے اور مکر وفریب کا انجام رسوائی ہے ہمارے اوپر یہ تہمت ہے اور ہمارے خلاف یہ جھوٹا پراپیگنڈہ ہے کہ ہم شیعہ خیر البریہ موجودہ قرآن کو نہیں مانتے اور اس پر ہمارا ایمان نہیں ہے، ہمیں قسم ہے رب ذوالجلال کی، ہمارا اسی قرآن موجودہ پر ایمان ہے، اور قرآن کامل ہے، نہ اس میں کسی قسم کی کمی ہے اور نہ ہی کوئی زیادتی ہے ہم نمازیں اور دیگر عبادات میں اور اپنے موتی کو ایصال ثواب میں اسی قرآن کو پڑھتے ہیں، ہمارے گھروں میں اور ہماری مساجد میں اور ہمارے امام بارگاہوں میں ہمارے، مدارس میں وہی قرآن پڑھا اور پڑھایا جاتا ہے جو اہل سنت کی مساجد میں موجود ہے،

مسئلہ ایمان بالقرآن میں ہمارے خلاف تقیہ کا دعویٰ کرنے والا جھوٹا ہے

تقیہ کا معنی ہے اپنی جان کی حفاظت کی خاطر کسی امر شرعی کو چھپانا اور اس وقت ہم شیعہ خیر البریہ کی جان کو کوئی خطرہ نہیں ہے، اور مسئلہ ایمان بالقرآن میں تو کسی بھی دور میں شیعوں کو کوئی خطرہ نہیں رہا، بس یہ بات ہمارے مخالف کی بالکل لغو اور فضول ہے کہ اندر سے ہم قرآن کو نہیں مانتے یا اس میں کمی آیات کا ہم عقیدہ رکھتے ہیں، اور اہل سنت سے ڈرتے ہوئے باہر سے ہم شیعہ یہ اعلان کرتے ہیں کہ ہم قرآن کو مانتے ہیں اہمیں قسم ہے رب ذوالجلال کی کہ ہمارا ظاہر اور باطن ایک ہے اور جس قرآن کو اہل سنت مانتے ہیں، ہم شیعہ بھی اسی قرآن کو ملتے ہیں اور اس اقرار اور قسم میں ہم نے کوئی تقیہ نہیں کیا ہے، اور اگر تسلی نہیں ہوئی تو ہم اس طرح عرض کرتے ہیں کہ غاصبان خلافت سے اظہار نفرت میں ہم نے کبھی تقیہ نہیں کیا اور حضرت علیؑ کے خلاف بغاوت کرنے اور جنگ کرنے والوں کو برملا ظالم کہنے میں ہم نے کبھی تقیہ نہیں کیا اور جن لوگوں نے نبی کریمؐ کی بیٹی کا حق کھایا ہے ان کو غاصب سمجھنے میں ہم نے کبھی تقیہ نہیں کیا یزید لعین اور اس کے ظالم باپ کو علانیہ برا کہنے میں ہم نے کبھی تقیہ نہیں کیا، پس اسی طرح ایمان بالقرآن کے مسئلہ میں بھی ہم نے کبھی تقیہ نہیں کیا حضرت علیؑ کی خلافت بلافصل کے اعلان میں ہم نے کبھی تقیہ نہیں کیا ثلاثہ کی خلافت کے ابطال میں ہم نے کبھی تقیہ نہیں کیا، آخر ہمیں کیا مجبوری ہے کہ اس مسئلہ میں ہم تقیہ کرتے ہیں۔

شیعیان علیؑ کا قرآن پاک پر ایمان اعلیٰ درجہ کا ہے

یاایھا الذین آمنوا آمنوا باللہ و رسولہ والکتب الذی نزل علی رسولہ، پ ۵ س نساء آیۃ نمبر ۱۳۶

ترجمہ، اے ایمان والو تم اللہ پاک کی ذات پر اور اس کے رسول پر اور اس کتاب پر جو اپنے رسولؐ پر خدا تعالیٰ نے نازل فرمائی ہے ایمان لاؤ

شیعیان علی اس مذکورہ حکم ربانی کی مکمل اطاعت کرتے ہیں

ارباب انصاف خدا تعالیٰ کا حکم ہے جو کتاب یعنی قرآن حق تعالیٰ نے اپنے رسولؐ پر نازل فرمائی ہے اس پر ایمان لاؤ اور ہم شیعیان علیؑ اس قرآن پر ایمان لائے ہیں اور وہ قرآن جس پر ہم ایمان لائے یہ بعینہ وہی قرآن ہے جو اہل سنت نماز تراویح میں پڑھتے ہیں جو قرآن اہل سنت کی مساجد میں رکھا ہے وہی قرآن اہل تشیع کی مساجد میں رکھا ہے اور یہ بہتان ہے کہ شیعہ ایمان بالقرآن کے دعویٰ میں تقیہ کرتے ہیں ہمیں قسم ہے رب ذوالجلال کی اس دعویٰ میں تقیہ نہیں کرتے جس قرآن کو اہل سنت مانتے ہیں ہم بھی اسی قرآن کو مانتے ہیں اور اس قرآن میں کسی قسم کی کوئی کمی نہیں ہوئی ہے اور جو روایات کتب شیعہ میں اس قسم کی ہیں کہ ان سے یہ شبہ پڑتا ہے کہ قرآن میں آیات کم کی گئی ہیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ اس قسم کی روایات اہل سنت کی کتب میں بھی ہیں اگر اس قسم کی روایات کسی مذہب کی کتابوں میں ہیں اور وہ ان کی وجہ سے کافر ہے تو پھر اس کفر کا تاج مخالف کو بھی مبارک ہو،

شیعان علیؑ کے مؤمن اور مسلم ہونے کا قرآن سے ثبوت

آیۃ نمبر ۱ انما المؤمنون الذین آمنوا باللہ و رسولہ ثم لم یرتابوا وجاھدوا باموالھم وانفسھم فی سبیل اللہ اولٰئک ھم الصادقون پ۲۶ الحجرات آیہ نمبر ۱۵

ترجمہ، مؤمن وہی لوگ ہیں جو اللہ اور اس کے رسولؐ کے ساتھ ایمان لائے ہیں اور پھر شک نہیں کیا اور اللہ کی راہ میں اپنی جان اور مال سے جہاد کیا ہے اور وہی لوگ سچے ہیں،

نوٹ، ارباب انصاف اس آیۃ میں خدا تعالیٰ نے تین چیزوں کو معیار ایمان قرار دیا ہے نمبر ۱ خدا اور رسولؐ پر ایمان لانا اور رسول اللہ پر ایمان لانے میں اس کتاب پر "قرآن" پر ایمان لانا ضروری ہے، نمبر ۲، ایمان کے بعد پھر توحید و رسالت میں شک نہ کرے، نمبر ۳، مال اور جان سے جہاد بھی کرے، ہم شیعہ خیر البریہ ہیں یہ تینوں شرطیں موجود ہیں، ہم توحید، نبوت پر ایمان رکھتے ہیں۔ اور جو کچھ نبی کریمؐ نے خبر دی ہے خواہ وہ قرآن ہے یا غیر اس پر مکمل ایمان رکھتے ہیں، اور ایمان کے بعد توحید و نبوت میں شک بھی نہیں کیا اور راہ خدا میں کفار اور منافقین سے جہاد بھی کیا ہے،

پس قرآنی فیصلہ کے مطابق ہم مؤمنین ہیں اور ہمارے خلاف یہ جھوٹا پراپگنڈہ ہے کہ آیات قرآن میں ہم کمی کا عقیدہ رکھتے ہیں، ہمیں قسم ہے خدا تعالیٰ کی قرآن میں ہم کسی قسم کی کمی کا عقیدہ نہیں رکھتے اور جن روایات سے کمی آیات کا شبہ پڑتا ہے، وہ دکلاء صحابہ کی کتب میں بھی موجود ہیں اور جس طرح تاویل کا وہ سہارا لیتے دوسرے لوگ بھی سہارا لے سکتے ہیں،

شیعان علیؑ کی طرف سے تاج المفسرین کا اعلان کہ انکے عقیدہ میں قرآن مجید میں کسی آیت کی کمی یا زیادتی نہیں ہوئی ہے،

انا نحن نزلنا الذکر وانا لہ لحافظون، الحجر ۱۳

تحقیق ہم نے ذکر "یعنی قرآن"، کو نازل کیا ہے اور ہم اسکی حفاظت کرنے والے ہیں،

تفسیر صافی کی عبارت — وانا لہ لحافظون، من التحریف والتغییر والزیادۃ والنقصان،

ترجمہ، اور تحقیق ہم اس کی (قرآن کی) حفاظت کرنے والے ہیں، تحریف سے تغییر سے زیادتی سے اور نقصان سے،

نوٹ، ارباب انصاف ہم شیعان علیؑ خدائے ذوالجلال کی قسم کھا کر بغیر کسی تقیہ کے اعلان کرتے ہیں کہ ہم شیعہ خیر البریہ اللہ پاک کی وحدانیت پر اور محمد مصطفےؐ کی رسالت پر ایمان رکھتے ہیں اور جو کچھ محمدؐ پر بھی خواہ وہ قرآن ہے یا غیر قرآن ہے، ایمان رکھتے ہیں، اور اس موجودہ قرآن کو ہم کامل سمجھتے ہیں، اسکی آیات میں نہ ہی کمی کی گئی ہے اور نہ ہی زیادتی کی گئی ہے اور آیات قرآن میں کمی کے عقیدہ کی ہماری طرف نسبت دینے والے جھوٹے ہیں اور ہمارے اس دعوئی میں ہماری طرف تقیہ کی نسبت دینے والے بھی جھوٹے ہیں، اور شیعہ کتب میں وہ روایات جو موہم تحریف ہیں، وہ مثل ان روایات کے ہیں جو سنی کتب میں ہیں، اور موہم تحریف ہیں،

اہل تشیع کا عقیدہ ہے کہ موجودہ قرآن کامل ہے اور اسکی آیات میں نہ ہی کمی ہوئی ہے اور نہ ہی زیادتی ہوئی ہے

ثبوت کے لئے شیعہ کی بلند پایہ کتابیں ملاحظہ ہو۔

۱، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب اعتقادات صدوق ص۹۳ محمد بن علی قمی

۲، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب اوائل المقالات ص۵۵ علامہ الشیخ مفید

۳، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب تفسیر مجمع البیان ص ج۱ ابو علی طبرسی

۴، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب کشف الغطاء ص م الشیخ جعفر کاشف الغطاء

۵، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب تفسیر التبیان ص۳ ج۱ م ابو علی طبرسی

۶، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب تفسیر الاء الرحمٰن ص ج محمد جواد ۔ البلاغی

۷، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب تفسیر المیزان ص۱۰۴ ج۴ از محمد حسین طباطبائی

۸، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب تفسیر البیان ص۲۰۰ خوئی

۹، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب تفسیر صافی ص ج۲ ملا محسن فیض کاشانی

۱۰، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب الاشارات ص علامہ محمد الکلباسی

۱۱، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب اصل الشیعہ واصولہا ص محمد حسین کاشف الغطاء

۱۲، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب الفصول المہمہ ص عبد الحسین شرف الدین

۱۳، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب نفحات الرحمٰن ص م شیخ محمد النہاوندی

۱۴، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب رسالہ فی حفظ الکتاب الشریف عن شبہۃ القول بالتحریف م ۔ علامہ محمد حسین الشہرستانی

۱۵، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب رسائل طرابلسیات

۱۶، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب سعد السعود ص۱۴۱ سید ابن طاؤس

۱۷، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب فوائد الاصول ص سید مہدی طباطبائی

۱۸، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب کشف الارتیاب فی رد فصل الخطاب

۱۹، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب بحر الفوائد ص

۲۰، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب تنقیح المقال ، شیخ مامقانی

۲۱، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب مقدمہ تفسیر قرآن ، سید علی نقی

۲۲، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب کشف الاسرار ، امام خمینی

۲۳، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب النقد اللطیف فی نفی التحریف

۲۴، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب کشف عبد الحسین

۲۵، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب المدخل فی التفسیر ، استاد فاضل

۲۶، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب رد فصل الخطاب ، ص شیخ محمود

۲۷، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب تفسیر جامع ص۲۷ مقدمہ

۲۸، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب تفسیر القرآن لعبد اللہ شبّر

۲۹، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب عقائد امامیہ ص۸۵ شیخ محمد رضا مظفر

۳۰، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب منہج الصادقین ص۵ علامہ فتح اللہ کاشانی

۳۱، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب تفسیر آیۃ الکرسی ص۳۳۲ از صدر الدین شیرازی

۳۲، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب مناقب آل ابی طالب ص۱۹ ج۱

۳۳، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب المجلی ص۳۰۲ از ابن ابی جمہور احسائی

۳۴، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب تفسیر لوامع التنزیل ص۲۳ پارہ ۱۴ از ضیاء حائری

۳۵، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب شرح وافیہ ص۵۲ ط لکھنؤ از ملا عبد اللہ خراسانی

۳۶، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب بحر الفوائد ص۹۹ از محمد حسین آشتیانی

۳۷، اہل تشیع کی مایہ ناز کتاب — قوانین الاصول ص۳۱۵ از علامہ ابوالقاسم
۳۸، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب — مصائب النواصب ص از نوراللہ شوشتری
۳۹، اہل تشیع کی مایہ ناز کتاب — انیس الاعلام ص۲۸ از محمد صادق طہرانی
۴۰، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب — کلم الطیب ص۲۹۱ از عبدالحسین طیب
۴۱، اہل تشیع کی مایہ ناز کتاب — تفسیر نونے ص
۴۲، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب — تفسیر اصفی ص
۴۳، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب — مبانی الاستنباط ص۲۳۴
۴۴، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب — شرح باب حادی عشر ص۴۰
۴۵، اہل تشیع کی مایہ ناز کتاب — کفایۃ الموحدین ص۵۲۴ / ۱۱۰
۴۶، اہل تشیع کی مایۂ ناز کتاب — حق الیقین شبر ص۱۴۶ ج ۱
۴۷، اہل تشیع کی مایہ ناز کتاب — صراط مستقیم ص۴۴ ج ۱

رہبر شیعان جہاں شیخ ابوجعفر محمد بن علی بن بابویہ قمی کا اعلان کہ موجودہ قرآن میں کمی آیات کے عقیدہ کی جو شخص شیعوں کی طرف نسبت دے وہ جھوٹا ہے

کتاب اعتقاد کی عبارت } اعتقادنا فی القران الذی انزلہ اللہ تعالیٰ علی نبیہ محمد ھو ما بین الدفتین وھو ما فی ایدی الناس لیس باکثر من ذالک۔ الی ان قال ومن نسب الینا انا نقول انہ اکثر من ذالک فھو کاذب۔

ترجمہ، شیخ صدوق علیہ الرحمہ اپنے رسالہ اعتقادیہ میں باب الاعتقاد فی مبلغ القرآن میں فرماتے ہیں، کہ قرآن پاک کے بارے ہمارا عقیدہ یہ ہے، کہ جو قرآن اللہ پاک نے اپنے نبی محمد مصطفےٰ پر نازل فرمایا، تھا، وہی قرآن ہے، جو دو گتوں کے درمیان لوگوں کے ہاتھوں میں اس وقت موجود ہے، موجودہ آیات سے زیادہ آیات نہیں ہیں اور جو شخص ہماری طرف یہ نسبت دے کہ ہم شیعہ موجودہ آیات سے زیادہ آیات کا عقیدہ رکھتے ہیں وہ شخص جھوٹا ہے،

رہبر شیعان جہاں شیخ ابوجعفر محمد بن حسن طوسی کا اعلان کہ شیعہ مذہب میں آیات قرآن کی کمی کا عقیدہ ہرگز نہیں ہے

تفسیر تبیان کی عبارت } اما الکلام فی زیادتہ ونقصانہ لا یلیق بہ ایضًا لان الزیادہ فیہ مجمع علی بطلانہا والنقصان منہ

ترجمہ، آیات قرآن میں کمی یا زیادتی میں کلام مناسب نہیں ہے کیونکہ آیات قرآن میں زیادتی کے عقیدہ کے باطل ہونے پر اجماع ہے اور کمی آیات کا عقیدہ بھی کوئی مسلمان نہیں رکھتا اور ہم شیعہ مسلمانوں میں بھی صحیح عقیدہ یہی ہے، کہ مقدار آیات میں کمی نہیں ہے۔

پیشوائے شیعان جہاں شیخ مفید علیہ رحمہ کا اعلان کہ قرآن پاک سے کسی سورہ یا آیت یا کلمہ کی کمی ہرگز نہیں کی گئی

اوائل المقالات کی عبارت } واما النقصان وقد قال جماعۃ من اهل الامامۃ انه لم ینقص من کلمۃ ولا من آیۃ ولا من سورۃ ولکن حذف ما کان ثبتاً فی مصحف امیر المؤمنین من تاویله وتفسیر معانیه علی حقیقۃ تنزیله الی ان قال وعندی ان هذا القول اشبه من مقال ادعی نقصان کلم من نفس القرآن علی الحقیقۃ دون التاویل والیه امیل،

ترجمہ، کمی آیات قرآن کے عقیدہ میں شیعہ امامیہ کا عقیدہ یہ ہے کہ کسی سورہ یا آیت یا کلمہ کی قرآن پاک سے کمی نہیں کی گئی۔ البتہ تاویل آیات اور انکی تفسیر کو جو مصحف امیر المؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ میں تھی اسکو حذف کیا گیا ہے، پھر شیخ مفید فرماتے ہیں، کہ ہمارے نزدیک یہی عقیدہ ہے کہ آیات میں کمی نہیں ہوئی درست ہے اور نفس قرآن میں کمی کا دعویٰ نادرست ہے،

امام المفسرین صاحب مجمع البیان کا اعلان کہ شیعہ مسلمانوں میں صحیح عقیدہ یہ ہے کہ آیات قرآن میں کمی نہیں ہوئی ہے

مجمع البیان کی عبارت } واما النقصان منه فقد روی جماعۃ من اصحابنا وقوم من حشویۃ اهل السنۃ ان فی القرآن نقصانا والصحیح من مذهبنا خلافه، وهو الذی نصره المرتضیٰ رح

ترجمہ، امین الاسلام ابو علی طبرسی فرماتے ہیں، کہ ہمارے اصحاب سے کچھ لوگوں نے اور اہل سنت سے کچھ لوگوں نے آیات قرآن میں کمی روایات کو نقل کیا ہے اور ہم شیعوں میں صحیح مذہب یہ ہے کہ قرآن میں کمی نہیں ہوئی ہے،

رئیس الفقہاء شیخ جعفر کاشف الغطاء کا فرمان کہ آیات قرآن میں کمی نہ ہونے پر ہر زمانہ میں شیعوں کے بڑے علماء کا اجماع ہے،

کشف الغطاء عن مبهمات الشریعۃ الغراء } البحث الثامن فی نقصه لا ریب انه محفوظ من النقصان بحفظ الملک الدیان کما دل علیه صریح القرآن واجماع العلماء فی کل زمان ولا عبرۃ بالنادر روما ورد من اخبار النقص تمنع البدیهه من العمل بظاهرها الی ان قال فلا بد من تاویلها،

ترجمہ، آٹھواں مبحث قرآن پاک کی کمی کے بیان میں اور اس میں شک نہیں ہے، کہ قرآن پاک اس نقص سے کہ اس کی آیات کو کم کیا گیا ہو محفوظ ہے، اور یہ حفاظت قرآن کو اللہ پاک کی وجہ سے حاصل ہے، اور اسی نظریہ پر شیعوں کے بلند پایہ علماء کا ہر دور میں اتفاق رہا ہے اور اخبار نقص کے طور پر عمل کرنا منع ہے اور انکی تاویل کرنا بہت ضروری ہے

علامہ شیخ بہائی کا فرمان کہ شیعہ خیر البریہ کے مذہب میں

صحیح عقیدہ یہ ہے کہ قرآن مجید میں کمی اور زیادتی نہیں ہوئی

آلاء الرحمٰن کی عبارت وعن الشيخ البهائی وايضاً اختلفوا فی وقوع الزيادة و النقصان فيه والصحيح ان القرآن العظيم محفوظ عن ذالك زيادة كان او نقصانا و يدل عليه قوله تعالیٰ وانا له لحافظون وما اشتهر بين الناس من اسقاط اسم امير المومنينؑ فی بعض المواضع مثل قوله تعالیٰ يا ايها الرسول بلغ ما انزل اليك فی علی وغير ذالك فهو غير معتبر عند العلماء

ترجمہ، علامہ شیخ بہائی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ آیات قرآن پاک کی کمی اور زیادتی میں اختلاف کیا گیا ہے، اور شیعہ خیر البریہ میں صحیح مذہب یہ ہے کہ قرآن پاک ہر قسم کی کمی اور زیادتی سے محفوظ ہے، اور اس امر پر یہ آیت انا له لحافظون، بھی دلالت کرتی ہے، اور یہ بات جو مشہور ہے کہ قرآن پاک کے چند مقامات میں حضرت علیؑ کا نام کاٹ دیا ہے، مثلاً آیہ بلغ ما، وغیرہ میں تو یہ بات علماء کے نزدیک معتبر نہیں ہے

مجاہد اکبر علامہ شیخ محمد حسین آل کاشف الغطاء کا اعلان کہ

شیعان علیؑ کا یہ عقیدہ نہیں ہے کہ آیات قرآن میں کمی ہوئی ہے

اصل الشیعۃ واصولہا، ان الكتاب الموجود بين المسلمين هو الكتاب الذی انزله الله اليه للاعجاز والتحدی وانه لانقص ولا تحريف ولا زيادة فيه وعلی هذا اجماعهم

ترجمہ، کتاب خدا جو مسلمانوں میں موجود ہے یہ وہی کتاب ہے جو اللہ پاک نے اپنے نبیؐ کو معجزہ کے طور پر دی ہے اور اس میں نہ ہی کمی ہے اور نہ ہی زیادتی ہے،

مجاہد فی سبیل اللہ السید عبد الحسین شرف الدینؒ کا اعلان کہ

موجودہ قرآن میں کسی قسم کی آیت یا کلمہ کی کمی نہیں ہوئی ہے

الفصول المہمہ کی عبارت والقرآن الكريم انما هو ما بين الدفتين وهو ما فی ايدی الناس لا يزيد حرفاً ولا ينقص حرفاً ولا تبديل فيه لكلمة بكلمة ولا لحرف بحرف وكل حرف من حروفه متواتر فی كل جيل تواتراً قطعياً الی عهد الوحی والنبوة وكان مجموعاً علی ذالك العهد الاقدس مؤلفاً علی ما هو عليه الان، ترجمہ، قرآن مجید مقدار آیات میں یہی ہے جو کہ لوگوں کے ہاتھوں میں ہے اور دو گتوں کے درمیان ہے، نہ اس

میں کمی ایک حرف کی کمی ہے اور نہ ہی زیادتی اور نہ ہی اس میں ایک کلمہ کی دوسرے کلمہ سے اور ایک حرف کی دوسرے حرف سے تبدیلی ہے اسکے حروف میں سے ہر ایک حرف عہد نبوی تک متواتر ہے اور جس طرح یہ اب مجموعہ ہے، اس طرح یہ عہد نبوی میں مجموعہ تھا،

تاج العلماء سید محسن امین آملی کا اعلان کہ مذہب شیعہ کا

کوئی محقق عالم قرآن پاک میں کمی کا عقیدہ نہیں رکھتا،

اعیان الشیعۃ کی عبارت } لا یقول من الامامیۃ لا قدیما ولا حدیثا ان القرآن مزید فیہ قلیل او کثیر فضلا عمن کلہم بل کلہم متفقون علی عدم الزیادۃ ومن یعتد بقولہ من محققیہم متفقون علی انہ لم ینقص منہ

ترجمہ، شیعہ امامیہ میں سے کوئی بھی قرآن پاک میں کسی آیت کی زیادتی کا عقیدہ نہیں رکھتا اور شیعوں میں جن محقق علماء کا قول کچھ حیثیت رکھتا ہے ان کا اتفاق ہے کہ قرآن میں کمی نہیں ہوئی ہے،

مفسر قرآن ملا محسن کاشانی کا اعلان کہ قرآن ہر قسم کی کمی سے محفوظ ہے،

تفسیر صافی کی عبارت } وانا لہ لحافظون، من التحریف، والتغیر والزیادۃ والنقصان،

ترجمہ، اللہ کا وعدہ ہے کہ ہم قرآن کو کمی یا زیادتی اور تغیر سے محفوظ رکھیں گے

سید مرتضیٰ علم الہدیٰ کا اعلان کہ قرآن پاک میں کسی قسم کی کمی نہیں ہے

تفسیر صافی کی عبارت } فکیف یجوز ان یکون مغیرا او منقوصا مع العنایۃ الصادقۃ والضبط الشدید،

ترجمہ، سید مرتضیٰ فرماتے ہیں کہ مقام تعجب ہے کہ غرض صحیح اور ضبط شدید کے باوجود کس طرح قرآن میں کمی یا تغیر واقع ہوا ہے،

علامہ شیخ محمد رضا مظفر کا اعلان کہ موجودہ قرآن ہی منزل قرآن ہے

عقائد امامیہ کی عبارت } وھذا الذی بین ایدینا نتلوہ ھو نفس القرآن المنزل علی النبی ﷺ ومن ادعی فیہ غیر ذالک مخترق،

ترجمہ، اور یہ قرآن جو ہمارے ہاتھوں میں ہے، جس کی ہم تلاوت کرتے ہیں، یہ وہی قرآن ہے جو نبی ﷺ پاک پر نازل ہوا ہے اور جو شخص اسکے علاوہ دعویٰ کرتا ہے وہ نادان ہے، وعلی غیر ھدی، اور غیر ہدایت پر ہے

صدر الدین شیرازی کا اعلان کہ شیعوں کے عقیدہ میں قرآن محرف نہیں ہے

تفسیر آیت الکرسی کی عبارت } ان ھذا القرآن لم یغیر ولم یحرف وما دخل فیہ فساد، ترجمہ، اس موجودہ قرآن میں کوئی تغیر اور تحریف اور فساد داخل نہیں ہے،

ابن شہر آشوب کا اعلان کہ شیعوں کے عقیدہ میں قرآن میں کوئی تبدیلی نہیں ہے

مناقب کی عبارت } واتاہ الکتاب المحفوظ لا یبدل ولا یتغیر، ترجمہ، نبی پاک ﷺ کو وہ کتاب ملی ہے جو محفوظ ہے اور اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہے،

ابن ابی جمہور احسائی کا اعلان کہ شیعوں کے عقیدہ میں قرآن میں کوئی تغیر نہیں ہے،

المجلی کی عبارت والباقی منہا القرآن خانہ لم یتغیر،
ترجمہ، معجزات میں سے باقی معجزہ قرآن ہے اور اس میں تبدیلی نہیں ہوئی ہے،

علامہ فتح اللہ کاشانی کا اعلان کہ شیعوں کے عقیدہ میں قرآن میں کمی اور زیادتی نہیں ہے،

منہج الصادقین کی عبارت قرآن مصون است و محفوظ از زیادت و نقصان
ترجمہ، قرآن پاک کمی اور زیادتی سے محفوظ ہے

علامہ محمد حسین طباطبائی کا اعلان کہ شیعہ عقیدہ میں قرآن کمی نہیں ہے

تفسیر میزان کی عبارت فالقرآن محفوظ بحفظ اللہ عن کل زیادۃ ونقصان
ج ۱۲ ص ۱۱۱ قرآن اللہ کی حفاظت کے ساتھ کمی اور زیادتی سے محفوظ ہے

سید عبد الحسین طیب کا اعلان کہ شیعہ عقیدہ میں قرآن میں کمی نہیں ہے

کلم الطیب کی عبارت ص ۲۲۱ جمہور علماء امامیہ متفقند برانیکہ در قرآن کو چکترین تحریف یا کم و زیادتی رردی نہ ندادہ است
ترجمہ، بلند پایہ علماء امامیہ اس عقیدہ پر اتفاق کرتے ہیں کہ قرآن پاک میں چھوٹی سی کمی یا زیادتی واقع نہیں ہوئی ہے،

شیعوں کے امام موجودہ قرآن پر خود بھی عمل فرماتے تھے اور اپنے عقیدتمندوں کو اس پر عمل کرنے کا ارشاد فرماتے تھے

اہل سنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ ص ۱۳۹ باب ۵ عقیدہ دہم
پس در جمیع روایات امامیہ موجود است کہ ہمہ اہل بیت ع ہمیں قرآن را میخواندند و خود و اہل عیال را ہمیں قرآن تعلیم میفرمودند، آخر تک
ترجمہ، اور شیعہ امامیہ کی تمام روایات میں موجود ہے کہ تمام ائمہ اہلبیت ع اسی قرآن کو پڑھتے تھے اور اپنے اہل و عیال کو اسی موجودہ قرآن کی تعلیم دیتے تھے اور نماز میں انکو اسی قرآن کے پڑھنے کا حکم دیتے تھے اور اسی وجہ سے ابن بابویہ نے اپنی کتاب الاعتقادات میں آیات قرآنی میں کمی کے جھوٹے عقیدہ سے ہاتھ اٹھایا اور اگر انکو اسی وجہ سے صدوق کہا جاتا ہے تو بیجا ہے
نوٹ، اہل سنت کے مناظر اعظم کی مذکورہ عبارت وکلاء صحابہ کے لئے درس عبرت ہے اور ہمارے مولیٰ علی ع کی یہ کرامت ہے کہ اس دم بریدہ سگ تثلیث سے حق تعالیٰ مذہب شیعہ کی سچائی ثابت کروا رہا ہے

حضرت علی ع نے موجودہ قرآن کو حکم بنایا تھا

اہل تشیع کی کتاب نہج البلاغہ ج ۲ ص ۲ مطبوعہ مصر
انالم نحکم الرجال وانما حکمنا القرآن، انما ھو خط مسطور بین الدفتین لا ینطق بلسان ولا بد لہ من ترجمان، ہم نے قرآن کو حکم بنایا ہے مردوں کو نہیں بنایا اور قرآن دو گتوں کے درمیان جو ہے وہی ہے،

حضرت علیؑ نے موجودہ قرآن کو دوزخ سے بچنے اور جنت میں جانے کا ذریعہ قرار دیا ہے

اہل تشیع کی تفسیر صافی ج۱ ص۲۶ مقدمہ

اہل تشیع کی کتاب احتجاج طبرسی ج۱ ص۲۲۵ احتجاج علی مہاجرین والانصار

قال علیؑ، عما کتب عمر وعثمان فاخبرنی اقرآن کلہ ام فیہ لیس بقرآن قال طلحہ۔ بل قرآن کلہ قال اخذتم بما فیہ نجوتم من النار ودخلتم الجنۃ فان فیہ حجتنا وبیان حقنا وفرض طاعتنا

ترجمہ، حضرت علیؑ نے فرمایا کہ اے طلحہ جو قرآن عمر اور عثمان نے لکھوایا ہے کیا وہ سارا قرآن ہی ہے یا اس میں غیر قرآن بھی ہے طلحہ نے کہا کہ وہ سارا قرآن ہے حضرت علیؑ نے فرمایا کہ جو احکام اس قرآن میں ہیں اگر ان پر عمل کرو گے تو جہنم سے بچ جاؤ گے اور جنت میں داخل ہو جاؤ گے، تحقیق قرآن میں ہماری امامت، ولایت کے ثبوت ہیں اور ہماری اطاعت کو فرض کیا گیا ہے، نوٹ، مذکورہ عبارت سے ثابت ہوا کہ شیعوں کا کوئی دوسرا قرآن نہیں ہے بلکہ جو قرآن عثمان نے جمع کروایا تھا حضرت علیؑ نے اس پر عمل کی تاکید فرمائی ہے

شیعوں کے امام ۳ نے احادیث کی صحت معلوم کرنے کیلئے قرآن کی طرف رجوع کا حکم دیا،

اہل تشیع کی کتاب اصول کافی ص۶۹

عن الصادق ؑ، کل شئ مردود الی الکتاب وکل حدیث لایوافق کتاب اللہ فھو زخرف. ترجمہ، ہر چیز کتاب خدا کی طرف لوٹائی جاتی ہے اور جو حدیث قرآن پاک کے مطابق نہ ہو وہ جھوٹی ہے،

اہل تشیع کے دسویں امام علی نقی ؑ کا فرمان کہ موجودہ قرآن شیعہ اور اہل سنت سب فرقوں کے عقیدہ میں برحق ہے

اہل تشیع کی کتاب احتجاج طبرسی ج۲ ص۲۵۱

ان القرآن حق لاریب فیہ عند جمیع فرقھا فھم فی حالۃ الاجماع علیہ مصیبون وعلی تصدیق ما انزل مھتدون

بلاشک تمام فرقوں کے عقیدہ میں قرآن حق ہے اور اسی پر سب کا اعتقاد ہے، نوٹ، لفظ جمیع فرقوں میں شیعان علیؑ بھی داخل ہیں اور عبارت میں لفظ قرآن سے مراد موجودہ قرآن ہے اور اسی پر شیعوں کا ایمان ہے،

شیعوں کے امامؑ کا حکم کہ موجودہ قرآن کو وسیلہ بناؤ

اہل تشیع کی کتاب مفاتیح الجنان ص۲۲۱ ذکر اعمال رمضان قرآن مجید کھول کر سامنے رکھے اور یہ دعا پڑھے اللھم انی اسئلک بکتابک المنزل وما فیہ وفیہ اسمک الاکبر،

مفاتیح ص۲۲۱ پھر قرآن کو سر پر رکھے اور یہ دعا پڑھے اللھم بحق ھذا القرآن وبحق من ارسلتہ وبحق کل مؤمن مدحتہ فیہ الخ

موجودہ قرآن پاک کی عظمت اور فضائل کے بیان میں شیعہ کتب پُر ہیں

مسلمانوں کو دیانت اور انصاف کا واسطہ دیکر ہم دعوت فکر دیتے ہیں کہ وہ آنکھوں سے تعصب کا چشمہ اتار کر ہماری کتابوں کو پڑھیں اور پھر خود انصاف کریں

شیعوں کے ائمہؑ کا فرمان کہ ہر نماز کے بعد قرآن کی حقانیت کی گواہی دو

اہل تشیع کی کتاب اصول کافی ج ۲ ص ۵۴۸ کتاب الدعاء
اہل تشیع کی کتاب من لایحضرہ الفقیہ ج ۱ ص ۲۱۵
اہل تشیع کی کتاب تفسیر برہان ج ۱ ص ۵۴۵
اہل تشیع کی کتاب مفاتیح الجنان ص ۱۶ ذکر تعقیبات نماز

اصول کافی کی عبارت: اذا انصرفت من صلوٰۃ مکتوبۃ فقل، رضیت باللہ ربا وبالاسلام دینا وبمحمد نبیا وبالقرآن کتابا،

کہ جب تم نماز فریضہ سے فارغ ہو جائیں تو اس دعا کو پڑھیں کہ میں اللہ پاک کے رب ہونے اور محمد مصطفیٰ ؐ کے نبی ہونے اور اسلام کے دین ہونے پر اور قرآن پاک کے کتاب خدا ہونے پر ایمان لایا ہوں،

شیعہ اپنے میت کو قبر میں بھی موجودہ قرآن کی تلقین کرتے ہیں

اہل تشیع کی کتاب تحفۃ العوام ص ۹۴ ذکر احکام میت

وقل فی جوابہما اللہ جل جلالہ ربی ومحمد نبیی والاسلام دینی والقرآن کتابی والکعبۃ قبلتی الخ

میت کو قبر میں اتارنے کے بعد اسکو یوں تلقین کریں کہ اللہ پاک میرا رب ہے، اور محمد مصطفیٰ میرا نبی ہے اور اسلام میرا دین ہے اور قرآن میری کتاب ہے، نوٹ، ہمیں قسم ہے رب ذوالجلال کی کہ ہم مذکورہ تمام موارد میں قرآن سے مراد موجودہ قرآن لیتے ہیں اور اس میں ہم کوئی تقیہ بھی نہیں کرتے ہیں، خلاصہ، موجودہ قرآن ہی حق ہے اور اس پر ہمارا ایمان ہے،

کتاب فصل الخطاب کو شیعوں کے خلاف پیش کرنے والوں کو کتاب الفرقان کو بھی چوم کر سینہ سے لگانا چاہیئے،

ارباب انصاف اس حقیقت سے انکار نہیں ہے کہ دکلا رسمابہ شیعان علیؑ کا مقابلہ علم کے میدان میں بالکل ہی نہیں کر سکتے اور ہمیشہ شیعوں کے خلاف جھوٹے پراپگنڈہ پر ہی انکا گزارہ رہا ہے، اور مسئلہ تحریف قرآن بھی اسی انکی مکاری اور فریب کاری کی ایک کڑی ہے اور کتاب فصل الخطاب پیش کر کے وہ لوگ اپنے خانہ ساز مذہب کی ہلتی ہوئی چولوں کو بچھر لگانے کی ناکام کوشش کرتے ہیں اور ان کے دہن گندیدہ سے مثل لعاب سم یہ کلمات نکلتے ہیں کہ شیعہ لوگ موجودہ قرآن میں کمی آیات کا عقیدہ رکھتے ہیں اور ان کے جواب میں ہم شیعہ خیر البریہ پہلی بات تو یہ کرتے ہیں، کہ لعنت اللہ علی الکذبین کہ ہمارا عقیدہ موجودہ قرآن میں کمی آیات کا ہرگز نہیں ہے، اور جو لوگ اس مسئلہ میں ہمارے خلاف جھوٹ بولتے ہیں ان پر خدا کی لعنت، اور دوسری بات ہم یہ کرتے ہیں کہ ہر شخص کو مرنا ہے اور خدا کو جواب دینا ہے، بے ایمانی اور مکاری سے سوائے ذلت کے اور کچھ نصیب نہ ہوگا، تمام مسلمانوں کو دیانت اور انصاف کا واسطہ دیکر ہم دعوت فکر دیتے ہیں کہ وہ لوگ علامہ سیوطی کی تفسیر در منثور اور تفسیر اتقان اور مصری عالم کی کتاب الفرقان کو دیانت داری سے پڑھیں اور پھر فیصلہ کرنا ہم ان پر ہی چھوڑتے ہیں،

سنی عالم شیخ محمد المدنی رئیس جامعۃ الازہر مصر کی زبان پر شیعوں کے حق میں خدا نے کلمہ حق جاری فرما دیا ہے،

اہل سنت کی معتبر کتاب رسالۃ الاسلام ص۲۸۲ ص۳۸۲

منقول از مع الخطیب فی خطوطہ العریضۃ از لطف اللہ الصافی و اما الامامیۃ یعتقدون نقص القرآن فمعاذ اللہ وانما ھی روایات رویت فی کتبھم کما رویت مثلھا فی کتبنا واھل التحقیق من الفریقین قد زیفوھا وبینوا بطلانھا ولیس فی الشیعۃ من یعتقد ذالک

ترجمہ، شیعہ امامیہ کے بارے یہ کہنا کہ وہ آیات قرآن میں کمی کا عقیدہ رکھتے ہیں، اس جھوٹ سے پناہ بخدا۔ صرف چند روایات ہی ہیں جو انکی کتابوں میں لکھی ہیں، جس طرح کمی آیات قرآن پر دلالت کرنے والی روایات ہم سنیوں کی کتابوں میں لکھی ہیں اور دونوں مذہبوں کے علماء تحقیق نے ان روایات کو ضعیف اور باطل قرار دیا ہے، اور شیعہ امامیہ میں کوئی بھی ایسا عالم نہیں ہے جو آیات قرآن میں کمی کا عقیدہ رکھتا ہو اور اس طرح کا کوئی سنیوں میں بھی نہیں ہے،

کتاب الفرقان مصری عالم نے لکھ کر بیچارے سنیوں کے ایمان بالقرآن کا بھانڈا پھوڑ کر ہمیشہ کے لئے شرم سے انکا سر جھکا دیا

اہل سنت کی معتبر کتاب رسالۃ الاسلام ص۲۸۲ تالیف الشیخ المدنی

ولیستطیع من شاء ان یرجع الی مثل کتاب الاتقان للسیوطی

لیری فیہ امثال ھذہ الروایات التی نضرب منھا صفحا وقد الف احد المصریین فی سنۃ ۱۹۴۸ء کتابا اسمہ الفرقان حشاہ بکثیر من امثال ھذہ الروایات،

ترجمہ، شیعوں پر تحریف کی تہمت لگانے والوں کو علامہ سیوطی سنی کی تفسیر اتقان یا اس جیسی کتاب کو پڑھنا چاہئے کہ تحریف پر دلالت کرنے والی روایات کو وہ دیکھے اگرچہ ہم اس قسم کی روایات سے منہ پھیرتے ہیں اور ۱۹۴۸ء میں ایک مصری علامہ نے ایک الفرقان نامی کتاب لکھی تھی اور اسکو اہل سنت کی ایسی روایات سے بھر دیا ہے جو انکے قرآن پر انکے ایمان نہ ہونے کا ثبوت پیش کرتی ہیں،

مصری سنی عالم کو خدا نے شیعوں کے حق میں سچ بولنے پر مجبور کر دیا کہ صرف روایات کی وجہ سے شیعہ پر تحریف کا الزام غلط ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب رسالۃ الاسلام ص۳۸۲ از شیخ مدنی

فیقال ان اھل السنۃ ینکرون قداسۃ القرآن او یعتقدون نقص القرآن لروایۃ رواھا فلان او الکتاب الفہ فلان فکذالک الشیعۃ الامامیۃ انما ھی روایات فی بعض کتبھم کالروایات التی فی بعض کتبنا

ترجمہ، کسی سنی مؤلف کی کتاب یا انکی کسی روایت کی وجہ سے جس طرح سنیوں پر یہ اعتراض نہیں کیا جا سکتا کہ انکا قرآن پر ایمان نہیں ہے اسی طرح کسی کتاب یا روایت کی وجہ سے شیعوں پر بھی یہ اعتراض نہیں کیا جا سکتا کہ وہ آیات قرآن میں کمی کا عقیدہ رکھتے ہیں،

کتاب فصل الخطاب کی شیعہ علماء کی نگاہ میں کوئی عظمت نہیں ہے بلکہ علماء نے اس کتاب سے نفرت کا اظہار فرمایا ہے

ارباب انصاف مذکورہ کتاب کے بارے چند شیعہ علماء کے نظریات پیش کر کے ہم دیانت اور انصاف کا واسطہ دیکر ہر دانش ور کو دعوت فکر دیتے ہیں شیعہ عالم لطف اللہ الصافی اپنی کتاب الخطیب ص ۵۲ میں لکھتے ہیں کہ لم نری فی علماء الامامیہ ومشایخھم من یعتنی بکتاب فصل الخطاب و یستند الیہ الخ کہ علماء امامیہ میں کوئی بھی ایسا عالم نہیں ہے جو اس کتاب فصل الخطاب کو اہمیت دیتا ہو اور اس کتاب کی تالیف میں خطا ہی باعث بنی ہے کہ اس کتاب کا مؤلف اعتراضات کے تیروں کا نشانہ بنا ہے اور موصوف پر بہت تنقید ہوئی ہے اور خود شیعہ عالم محمد حسین شہرستانی نے اسکی رد میں یہ کتاب لکھی ہے، حفظ الکتاب الشریف عن شبہہ القول بالتحریف اور شیعہ عالم شیخ محمود طہرانی یہ کتاب کشف الارتیاب اس فصل الخطاب کے رد میں لکھی ہے، اور آغا بزرگ طہرانی نے اپنی کتاب الذریعہ حرف الفا میں لکھا ہے کہ خود فصل الخطاب کے مصنف علامہ نوری کی زبان سے میں نے سنا تھا کہ انہوں نے فرمایا تھا کہ میں نے اس کتاب کا نام رکھنے میں خطا کی ہے بہتر یہ تھا کہ میں اس کا نام یہ رکھتا، فصل الخطاب فی عدم تحریف الکتاب۔

کتاب فصل الخطاب میں مؤلف نے ایسی روایات کو جمع فرمایا ہے کہ ان پر عقیدہ کے گلدستہ کو نہیں رکھا جا سکتا،

اہل تشیع کے مایہ ناز عالم علامہ محمد جواد البلاغی نے اپنی مایہ ناز کتاب آلاء الرحمن ص ۲۶ ج ۱ میں فصل الخطاب کے بارے بڑی تفصیل سے صفائی پیش فرمائی ہے اور اس کا کچھ مقدار خلاصہ یہ ہے کہ فصل الخطاب میں ایسی روایات کو جمع کیا گیا ہے کہ جن پر اہل تشیع اپنے مذہب کی بنیاد نہیں رکھتے کیونکہ وہ ایسے لوگوں سے روایات کی گئی ہیں کہ جن پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا کیونکہ وہ لوگ ضعیف الحدیث ہیں فاسد العقیدہ، مضطرب الحدیث ہیں، مجہول الروایہ اور غالی اور کذاب ہیں ختم عبارہ آلاء الرحمن۔ ارباب انصاف کتاب فصل الخطاب کو شیعہ علماء کی بارگاہ میں اسی طرح شرف قبولیت حاصل نہیں ہوا، جس طرح کتاب الفرقان کو سنی علماء نے شرف قبولیت نہیں بخشا، اور اگر فصل الخطاب جیسی کتاب چونکہ شیعوں میں تصنیف ہوئی ہے، پس اس لئے شیعہ بے ایمان اور کافر ہیں۔ تو الفرقان کتاب و کلاء صحابہ میں بھی تصنیف ہوئی۔

پس وہ بھی بے ایمان اور کافر ہیں، اور اگر شیعہ کتب میں روایات مشبہ تحریف ہیں اس لئے شیعہ دین سے خارج تو ایسی روایات کتب اہل سنت میں بھی موجود ہیں، پس وہ بھی دین سے خارج ہیں،

کتاب فصل الخطاب کی شیعہ علماء کی نگاہ میں کوئی عظمت نہیں ہے بلکہ علماء نے اس کتاب سے نفرت کا اظہار فرمایا ہے

ارباب انصاف مذکورہ کتاب کے بارے چند شیعہ علماء کے نظریات
پیش کرکے ہم دیانت اور انصاف کا واسطہ دیکر ہر دانش ور کو دعوتِ فکر دیتے ہیں
شیعہ عالم لطف اللہ الصافی اپنی کتاب الخطیب ص۵۲ میں لکھتے ہیں کہ، لم
نر فی علماء الامامیہ و مشایخھم من یعتنی بکتاب فصل الخطاب و
یستند الیہ الخ کہ علماء امامیہ میں کوئی بھی ایسا عالم نہیں ہے جو اس کتاب
فصل الخطاب کو اہمیت دیتا ہو اور اس کتاب کی تالیف میں خطا ہی باعث
بنی ہے کہ اس کتاب کا مؤلف اعتراضات کے تیروں کا نشانہ بنا ہے اور
موصوف پر بہت تنقید ہوئی ہے اور خود شیعہ عالم محمد حسین شہرستانی نے
اسکی رد میں یہ کتاب لکھی ہے، حفظ الکتاب الشریف عن شبہہ القول بالتحریف
اور شیعہ عالم شیخ محمود طہرانی نے کتاب کشف الارتیاب اس فصل الخطاب
کے رد میں لکھی ہے اور آغا بزرگ طہرانی نے اپنی کتاب الذریعہ حرف الفا
میں لکھا ہے کہ خود فصل الخطاب کے مصنف علامہ نوری کی زبان سے میں
نے سنا تھا کہ [illegible] فرمایا تھا کہ میں نے اس کتاب کا نام رکھنے میں
خطا کی ہے بہتر تھا کہ میں اس کا نام یہ رکھتا، فصل الخطاب فی عدم
تحریف الکتاب۔

کتاب فصل الخطاب میں مؤلف نے ایسی روایات کو جمع فرمایا ہے کہ ان پر عقیدہ کے گلدستہ کو نہیں رکھا جا سکتا،

اہل تشیع کے مایہ ناز عالم علامہ محمد جواد البلاغی نے اپنی مایہ ناز کتاب
آلاء الرحمٰن ص۲۶ ج۱ میں فصل الخطاب کے بارے بڑی تفصیل سے صفائی
پیش فرمائی ہے اور اس کا کچھ مقدار خلاصہ یہ ہے کہ فصل الخطاب میں ایسی
روایات کو جمع کیا گیا ہے کہ جن پر اہل تشیع اپنے مذہب کی بنیاد نہیں رکھتے
کیونکہ وہ ایسے لوگوں سے روایات کی گئی ہیں کہ جن پر اعتماد نہیں کیا جاسکتا
کیونکہ وہ لوگ ضعیف الحدیث ہیں فاسد العقیدہ، مضطرب الحدیث ہیں،
مجفو الروایہ اور غالی اور کذاب ہیں ختم عبارہ آلاء الرحمٰن۔ ارباب
انصاف کتاب فصل الخطاب کو شیعہ علماء کی بارگاہ میں اسی طرح شرف
قبولیت حاصل نہیں ہوا، جس طرح کتاب الفرقان کو سُنی علماء نے
شرف قبولیت نہیں بخشا، اور اگر فصل الخطاب جیسی کتاب چونکہ شیعوں
میں تصنیف ہوئی ہے، پس اس لئے شیعہ بے ایمان اور کافر ہیں۔ تو
الفرقان کتاب و کلاء صحابہ میں بھی تصنیف ہوئی۔
پس وہ بھی بے ایمان اور کافر ہیں، اور اگر شیعہ کتب میں روایات مشتبہ
تحریف ہیں اس لئے شیعہ دین سے خارج تو ایسی روایات کتب اہل
سنت میں بھی موجود ہیں، پس وہ بھی دین سے خارج ہیں۔

سورہ ولایت کی بابت محمد علی السعودی المصری نے شرم وحیا اور جھوٹ بولنے کے تمام باڈر توڑ کر روح شیخین کو بہت ثواب پہنچایا ہے،

اس وکیل عثمان نے اپنے رسالہ مع الخطیب میں پانچ عدد جھوٹ لکھ کر اپنے جھوٹے مذہب کا نام روشن کرنے کی ناکام کوشش بہت فرمائی ہے اور ہم شیعہ عالم لطف اللہ الصافی نے اپنے رسالہ فی خطوط العریضہ میں اس سعودی عالم کو اس کے رسالہ مع الخطیب کا دندان شکن جواب دیا ہے اور ان دونوں کی کاروائی کا خلاصہ تحریر کر کے ہم ارباب انصاف کو دعوت فکر دیتے ہیں،

علامہ سعودی کے پانچ عدد جھوٹ اور لطف اللہ صافی کا منہ توڑ جواب

سنی عالم کا پہلا جھوٹ } کتاب فصل الخطاب کے ص ۱۸۰ میں محدث نوری نے لکھا ہے کہ ایک سورہ قرآن میں سورہ ولایت کے نام سے تھا اس میں علیؑ کی ولایت اور اس سورہ کی کمی سے قرآن میں کمی ہو گئی،

اس کا دندان شکن جواب } کتاب فصل الخطاب کے نہی ص ۱۸۰ میں اور نہ ہی کتاب کے اول سے آخر تک کسی سورہ ولایت کا ذکر ہے، پس اس سنی عالم نے سفید جھوٹ تحریر کر کے روح شیخین کو ثواب پہنچایا ہے،

سنی عالم کا دوسرا جھوٹ } شیخ محمد عبدہ کے ایک شاگرد نے ایک مصحف ایرانی قلمی میں اس سورہ کو دیکھا تھا اور وہ مصحف ایک عیسائی کے پاس تھا

دندان شکن جواب، قرآن پاک کو ایرانی مصحف کہنا سنی عالم کی بدتمیزی ہے اور قرآن کے کئی عدد قلمی اور مطبوعہ نسخہ ایران میں موجود ہیں کوئی سنی عالم اس سورہ ولایت کو کسی قلمی یا مطبوعہ قرآن میں دکھا دے اور منہ مانگا انعام

حاصل کرے اور حقیقت یہ ہے کہ اس سنی عالم نے یہ بھی سفید جھوٹ بول کر روح شیخین کو ثواب پہنچایا ہے

سنی عالم کا تیسرا جھوٹ } سورہ ولایت کتاب دبستان مذاہب میں بھی لکھی ہے

جواب ہے۔ کتاب دبستان مذاہب میں سورہ ولایت کے ذکر کا نام نشان نہیں ہے،

سنی عالم کا چوتھا جھوٹ ہے۔ کتاب دبستان مذاہب شیعوں کی کتاب ہے،

جواب منہ توڑ ہے۔ اگر کوئی شخص کتاب دبستان مذاہب کو حدود انصاف میں رہ کر یہ ثابت کر دے کہ یہ شیعوں کی کتاب ہے تو ہم اس کو منہ مانگا انعام دیں گے، شیعوں کی کسی معتبر کتاب سے اس کے مصنف کو شیعہ ثابت کیا جائے،

سنی عالم کا پانچواں جھوٹ] کتاب دبستان مذاہب کی مرتبہ ایران میں طبع ہو چکی ہے

دندان توڑ جواب } دنیا میں تین عدد نسخ مذکورہ کتاب کے موجود ہیں، ع ۱ مطبوعہ بمبئی ۱۲۶۲ھ دوسرا نسخہ ۱۲۶۷ھ اور اس میں مقام طبع نہیں لکھا، نمبر ۳ مطبوعہ بمبئی ۱۲۷۷ھ

نوٹ، ارباب انصاف، شیعہ خیر البریہ دنیا اسلام کا مشہور ترین مذہب ہے اور انکی کتابیں بھی مشہور ہیں اور انکی مساجد اور مدارس اور انکے گھروں میں جو قرآن پاک پڑھے جاتے ہیں وہ معروف ہیں، تمام سنی مسلمانوں کو ہم چیلنج کرتے ہیں،

کہ ہماری معروف کتاب میں یا جو قرآن ہمارے ہاں پڑھے جاتے ہیں ان میں سورہ ولایت دکھا کر منہ مانگا انعام حاصل کریں، اور اگر سنی بھائی اپنے دعوی کا ثبوت نہیں پیش کر سکتے، تو پھر جھوٹ بول بول کر وہ روح شیخین کو خوش نہ کریں کیونکہ اس حرکت سے خدا اور رسولؐ ناراض ہوتے اور اس پر لعنت بھیجتے ہیں،

جناب عثمان کو جامع قرآن کہنا سپاہ صحابہ کی خطا اور جھوٹ ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر روح المعانی ج ۱ ص ۲۲ الفائدۃ السادسۃ فی جمع القرآن وما اشتہر ان جامعہ عثمان فہو علی ظاہرہ باطل۔

ترجمہ، یہ بات جو کہ مشہور ہے کہ عثمان نے قرآن جمع کیا ہے یہ باطل اور جھوٹ ہے

جناب ابوبکر، عمر بھی جامع قرآن ہونے کی سعادت سے محروم رہ گئے

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر اتقان ج ۱ ص ۹۰ نوع ۲۰،

اخرج ابن اشتہ فی المصاحف بسند صحیح عن محمد بن سیرین قال مات ابوبکر ولم یجمع القرآن وقتل عمر ولم یجمع القرآن

ترجمہ، امام اہلسنت ابن اشتہ نے لکھا ہے کہ جناب ابوبکر نے وفات پائی اور جامع قرآن ہونے کی سعادت سے محروم چلے گئے اسی طرح جناب عمر بھی قتل ہو گئے۔ اور مذکورہ سعادت سے خالی چلے گئے۔

نوٹ، ابن اشتہ نے مذکورہ عبارت کی اس طرح تشریح کی ہے، کہ قال بعضہم یعنی لم یقرء جمیع القرآن حفظا کہ جناب ابوبکر و عمر حافظ قرآن بھی نہ تھے،

اور جناب علامہ سیوطی نے در منثور ج ۱ ص ۲۱ میں لکھا ہے کہ حضرت عمر نے بارہ سال میں سورہ بقرہ کو سیکھا تھا یہ بھی قرینہ ہے کہ حضرت عمر حافظ قرآن نہ تھے،

خلاصۃ الکلام علماء سپاہ صحابہ جن باتوں کو بطور فضیلت ذکر کرتے ہیں، بکر، عمر کے لئے خود ہی علماء اہلسنت انکی تردید فرما کر شیعوں کے سچ ہونے کا اعلان فرماتے ہیں اور ہم بھی کہتے ہیں کہ عثمان کا جامع القرآن ہونا باطل ہے بلکہ یہ سعادت ابوبکر اور عمر کو نصیب نہیں ہوئی ہے،

علماء سپاہ صحابہ کے اماموں کا قرآن پاک اور رسول پاک کی توہین کرنا،

۱، اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر در منثور ج ۳ ص ۳۰ ج ۴ ص ۱۳۱ ج ۶ ص ۳۵۲

۲، اہل سنت کی معتبر کتاب الاستیعاب فی ذکر الاصحاب ج ۲ ص ۳۶۷

۳، اہل سنت کی معتبر کتاب اُسُدُ الغابہ فی ذکر الصحابہ ج ۳ ص ۲۵۹

در منثور کی ج ۳ ص ۳۰ آیت ومن اظلم ممن افتریٰ علی اللہ کذبا،

